لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہرنامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper: www.sheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | ہفتہ 25 جولائی 2026ء 10 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 323
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

پٹرول پھر مہنگا عوامی بجٹ کا جنازہ نکل گیا

اشیائے ضروریہ کرایوں اور کاروباری اخراجات میں مزید اضافے کا خدشہ

3 روپے 66 پیسے اضافے کے ساتھ پٹرول کی نئی قیمت 335 روپے 18 پیسے کی سطح پر پہنچ گئی، ڈیزل 4.80 روپے مہنگا ہوگا، اوگرا نوٹی فکیشن

پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے بعد گڈز ٹرانسپورٹرز نے بھی کرایوں میں 15 فیصد اضافے کا اعلان کردیا، سبزیوں سمیت روٹی کی قیمتوں میں بھی اضافہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل پانچویں روز بھی اضافہ کردیا۔ وزارت توانائی پیٹرولیم ڈویژن سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ وفاقی حکومت اور آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی جانب سے جاری پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے طریقہ کار کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق 25 جولائی 2026 کے لیے ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت نے پیٹرول فی لیٹر 3 روپے 66 پیسے مہنگا کردیا ہے اور پیٹرول کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

کراچی، صدر مملکت آصف زرداری سے بلوچستان کے وزراء ملاقات کررہے ہیں

صدر مملکت سے بلوچستان کے وزراء کی ملاقات

بلوچستان میں امن وامان، ترقیاتی منصوبوں اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری سے بلوچستان کے صوبائی وزراء کی بلاول ہاؤس کراچی میں ملاقات ہوئی جس میں بلوچستان میں امن وامان، ترقیاتی منصوبوں اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مملکت نے بلوچستان میں ترقی کے عمل کو مزید تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

10 ایڈیشنل ججز تعیناتی کی سمری وزیراعظم آفس کو موصول

اسلام آباد (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ میں 10 ایڈیشنل ججز کی تقرری کے لیے سمری وزیراعظم آفس کو موصول ہوگئی، جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کی سفارشات کی روشنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ہم جو انقلاب لانا چاہتے ہیں وہ منظم جدوجہد سے آئے گا، حافظ نعیم الرحمن

امیر العظیم کی زندگی ہر کارکن جماعت اسلامی کے لیے خاصہ، اسلامی تحریک کے عظیم مستقبل کے بارے میں پرامید تھے

جماعت اسلامی شر اور فساد کے نظام کے خلاف ڈٹ کر کھڑی ہے، امیر جماعت اسلامی کا دعائیہ تقریب سے خطاب

لاہور (نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ اقامت دین کی جدوجہد تمام اہلِ ایمان پر فرض ہے، زمین اور آسمان کے الگ الگ خدا نہیں ہوسکتے، جماعت اسلامی زمین پر اپنے آپ کو نعوذ باللہ خدا کی صورت میں پیش کرنے والوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر پاکستان کے سب سے بڑے ڈیٹا سینٹر اور اے آئی کلاؤڈ سکائی 47 قراقرم ون کا افتتاح کررہے ہیں

ٹانک فتنہ الخوارج کا حملہ 12 دہشتگرد ہلاک 15 جوان شہید

دہشتگردوں نے چیک پوسٹ پر بارود سے بھری گاڑی ٹکرادی، سیکیورٹی اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے فرار خوارج کو نشانہ بنایا اور 12 ہلاک کردیئے

ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کی لعنت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ٹانک میں دہشت گردوں نے چیک پوسٹ پر بارود سے بھری گاڑی ٹکرادی، نتیجے میں سیکیورٹی فورسز کے 15 اہلکار شہید ہوگئے، جوابی کارروائی میں 12 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بھارت کے حمایت یافتہ دہشت گرد گروہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے 23 اور 24 جولائی کی درمیانی شب ضلع ٹانک میں سیکیورٹی اہلکاروں کی مشترکہ چیک پوسٹ پر بزدلانہ حملہ کیا آئی ایس پی آر کے مطابق حملہ آوروں نے چیک پوسٹ کے سیکیورٹی حصار کو توڑنے کی کوشش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد میں سیاسی سرگرمیاں تیز، حکومت اور اپوزیشن تناؤ برقرار

سیاسی حلقوں میں اہم قومی، معاشی اور آئینی معاملات پر بحث جاری

آزاد کشمیر کے سیاسی حالات اور دیگر قومی معاملات بھی سیاسی گفتگو کا حصہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں سیاسی سرگرمیوں میں ایک بار پھر تیزی دیکھی جارہی ہے۔ حکومتی اتحاد اور اپوزیشن جماعتیں آئندہ سیاسی حکمت عملی کے لیے مشاورت میں مصروف ہیں، جبکہ پارلیمنٹ اور سیاسی حلقوں میں اہم قومی، معاشی اور آئینی معاملات پر بحث جاری ہے سیاسی مبصرین کے مطابق آنے والے دنوں میں اسلام آباد میں مختلف جماعتوں کے اجلاس، مشاورتی نشستیں اور عوامی رابطہ مہم میں اضافہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

میرپور، مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف جلسہ سے خطاب کررہے، مریم نواز بھی موجود ہیں

بھارت امن دشمن، کشمیر اس کا اٹوٹ انگ اور نہ ہی داخلی معاملہ، پاکستان

بھارت کے غیر ذمہ دارانہ اقدامات علاقائی امن کو خطرے میں ڈال سکتے، انکا امن کا درس دینا مضحکہ خیز، صائمہ سلیم

جموں وکشمیر بھارت کا اٹوٹ انگ نہ داخلی معاملہ، بھارت کا انکار بین الاقوامی حیثیت تبدیل نہیں کرسکتا، پاکستانی مشن قونصلر

وفاقی وزیر مصدق ملک آذربائیجان میں کوپ 31 سربراہی وفد میں گفتگو کررہے ہیں

نیویارک (صباح نیوز) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاکستان نے بھارت کو مؤثر جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کا امن کا درس دینا مضحکہ خیز ہے، جموں وکشمیر نہ بھارت کا اٹوٹ انگ ہے اور نہ داخلی معاملہ، مقبوضہ کشمیر میں جبر اور انسانی حقوق کی پامالیاں جاری ہیں۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی مشن کی قونصلر صائمہ سلیم نے بھارت کو کرارا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت خود مسئلہ کشمیر سلامتی کونسل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

نیب سے متعلق مقدمات وفاقی آئینی عدالت سنے گی، سپریم کورٹ

نیب کیسز آرٹیکل 175 اے اور ایف کے تحت وفاقی عدالت کو ٹرانسفر سمجھے جائیں

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ نے عدالتی دائرہ اختیار سے متعلق کیس کا محفوظ شدہ فیصلہ سنا تے ہوئے کہا ہے کہ نیب سے متعلق تمام مقدمات اب وفاقی آئینی عدالت سنے گی۔ جمعہ کو سپریم کورٹ نے نیب قانون میں ترامیم کے بعد عدالتی دائرہ اختیار سے متعلق کیس کا محفوظ شدہ فیصلہ سنا دیا۔ سپریم کورٹ کے جسٹس محمد علی مظہر نے مختصر فیصلہ پڑھ کر سنایا۔ فیصلے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

فورسٹار جنرل کے عہدے پر ترقی لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ مقرر

لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا چیف آف جنرل سٹاف کے طور پر ذمہ داریاں انجام دے رہے تھے، وزیراعظم کی مبارکباد

جنرل عامر رضا کور کمانڈر لاہور اور چیئرمین ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا کے طور پر فرائض انجام دے چکے، نیک خواہشات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا کو فورسٹار جنرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان آرمی کے چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا، ہلالِ امتیاز (ملٹری)، ستارۂ بسالت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اعلیٰ بیوروکریسی کیلئے ایک اور خصوصی الاؤنس منظور

سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ وکابینہ نے الاؤنس کے مقصد بارے سوالات کا جواب نہیں دیا

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی کابینہ نے اعلیٰ بیوروکریسی کے لیے ایک اور خصوصی الاؤنس کی منظوری دی ہے، چار سالوں میں دوسرا اور کفایت شعاری کے اقدامات میں مزید توسیع اور تمام سرکاری ملازمین کے لیے 7 فیصد اضافے کے درمیان 8.1 بلین روپے کے بجٹ کی منظوری دی ہے۔ یہ فیصلہ کابینہ کے خصوصی اجلاس کے دوران کیا گیا جس نے 12 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ایران کی عراق کی جنگ بندی کی تجویز مسترد

واشنگٹن (صباح نیوز) ایران نے عراقی وزیراعظم علی الزیدی کی طرف سے پیش کی گئی امریکی جنگ بندی کی تجویز کو مسترد کردیا۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان تقریباً دو ہفتوں تک لڑائی جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، وفاقی وزیر علی پرویز ملک سے Vitol ایشیا کا وفد ملاقات کررہا ہے

آزاد کشمیر میں ترقیاتی جال بچھادیں گے، رانا ثنا اللہ

مسلم لیگ ن کو ووٹ دے کر ترقی کے سفر کو آگے بڑھائیں گے

کھوئی رٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ پنجاب کے صدر اور وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا جائے گا اور عوام کی محرومیوں کا ازالہ کیا جائے گا۔ آزاد جموں وکشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں کھوئی رٹہ میں مسلم لیگ ن کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے زور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

مون سون کا نیا طاقتور سسٹم داخل

ملک بھر میں مزید بارشوں کی پیشگوئی

اسلام آباد (آئی این پی) مون سون کا نیا طاقتور سسٹم ملک میں داخل ہوگیا۔ آئندہ 3 سے 4 روز کے دوران کراچی سمیت ملک بھر میں بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

غیر ضروری وزارتیں ختم کرنے سے 5 ہزار ارب بچت ممکن، سینیٹ کمیٹی

حکومت کو آئین کے مطابق محدود دائرہ کار میں کام کرنا چاہیے، حکام کی تجویز

اسلام آباد (آئی این پی) سینیٹ کی فنانشل کمیٹی برائے ڈیولوشن کے اجلاس میں اراکین نے کہا ہے کہ غیر ضروری وزارتوں کو ختم کرکے سالانہ 5 ہزار ارب روپے تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

وفاقی حکومت کا 10 لاکھ ٹن گندم فوری درآمد کرنے کا فیصلہ

درآمدی گندم کے ذریعے ملکی ضروریات پوری کی جائیں، وزارت غذائی تحفظ

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی حکومت نے ملکی ضروریات پوری کرنے اور گندم کی مارکیٹ کو مستحکم رکھنے کے لیے 10 لاکھ ٹن گندم فوری درآمد کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ درآمدی گندم کے ذریعے ملکی ضروریات پوری کی جائیں گی اور مارکیٹ میں استحکام برقرار رکھا جائے گا وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے مطابق درآمدی گندم کے ذریعے ملکی ضروریات پوری کی جائیں گی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

چیئرمین سینیٹ کی ٹانک میں دہشتگرد حملے کی شدید مذمت

دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے، یوسف گیلانی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے ضلع ٹانک میں مشترکہ چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اس دہشت گرد حملے کے نتیجے میں متعدد سیکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر انہوں نے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ قوم اپنے بہادر سپوتوں کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ چیئرمین سینیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

پاسداران انقلاب نے بحرین میں ایمازون ڈیٹا سینٹر تباہ کردیا

تہران (صباح نیوز) ایران کی پاسداران انقلاب فورس کا کہنا ہے کہ اس نے بحرین میں ایمازون کے ڈیٹا سینٹر کو تباہ کردیا ہے۔ آئی آر جی سی کے بیان میں کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

آزاد جموں کشمیر کے انتخابات کا نیا شیڈول جاری

فیصلہ سیکیورٹی اور پرامن انتخابی عمل کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا

مہاجرین نشستوں پر پولنگ مظفرآباد ڈویژن کیساتھ 2 اگست کو ہوگی

میرپور (ذاکر کیانی نے) آزاد جموں وکشمیر انتخابات تین مراحل میں، مختلف ڈویژنز کے لیے نئی پولنگ تاریخیں جاری مظفرآباد: آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن نے امن وامان کی صورتحال کے پیشِ نظر قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات کا نظرِ ثانی شدہ شیڈول جاری کردیا ہے، جس کے تحت اب انتخابات ایک ہی روز کے بجائے تین مراحل میں منعقد ہوں گے۔ اس فیصلے کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان ایس سی او سربراہی سنبھالنے کے لیے تیار

چولپون آتا (صباح نیوز) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کرغز جمہوریہ کے خوبصورت شہر چولپون آتا میں منعقدہ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے وزرائے خارجہ کونسل (CFM) کے اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

روس اور یوکرین کے ایک دوسرے پر حملے، دونوں طرف 12 افراد ہلاک

ماسکو/کیف (صباح نیوز) روس اور یوکرین کے ایک دوسرے پر میزائل حملے، دونوں طرف کل 12 افراد ہلاک اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن منصورہ میں امیر العظیم کیلئے دعائیہ تقریب سے خطاب کررہے

مقبوضہ مغربی کنارے پر اسرائیلی حملہ، 4 فلسطینی شہید

نابلس (صباح نیوز): مقبوضہ مغربی کنارے میں نابلس کے جنوب مغرب میں واقع قصبے ''تل'' (Tal) پر اسرائیلی فوج اور یہودی آبادکاروں نے مشترکہ حملہ کر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

انٹرنیشنل کمپنیوں کا توانائی اور تیل کے شعبوں میں سرمایہ کاری پر اتفاق

اسلام آباد (آئی این پی) انٹرنیشنل کمپنیوں نے وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے پاکستان میں توانائی اور تیل کے شعبوں میں سرمایہ کاری پر اتفاق کرلیا۔ وزیر پیٹرولیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

رائزنگ پاکستان نئی قیادت اور مضبوط بلدیاتی نظام کے وژن کے ساتھ سامنے آرہی ہے، رخشندہ تسنیم

پاکستان کو اس وقت نعروں سے زیادہ عملی اقدامات کی ضرورت ہے اور رائزنگ پاکستان اسی سوچ کو فروغ دے رہی ہے

ہماری ترجیح مضبوط بلدیاتی نظام شفاف طرز حکمرانی میرٹ انصاف تعلیم صحت روزگار اور بااختیار نوجوان ہیں، بانی صدر رائزنگ پاکستان

ملک کے تمام ادارے اور عوام ایک سمت میں کام کریں تو پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا کیا جاسکتا ہے، شہرنامہ کو انٹرویو

صدر پاکستان رائزنگ فورم رخشندہ تسنیم شہرنامہ آفس دورے کے موقع پر ایڈیٹر راجہ جاوید اختر سے ملاقات کررہی ہیں

اسلام آباد (سردار وقار احمد) رائزنگ پاکستان کی بانی صدر رخشندہ تسنیم نے شہرنامہ کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہا ہے کہ رائزنگ پاکستان ایک نئے قومی وژن کے ساتھ سامنے آرہی ہے جس کا مقصد ملک میں ایسی قیادت کو آگے لانا ہے جو دیانت داری صلاحیت اور کارکردگی کی بنیاد پر عوام کی خدمت کرسکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اس وقت نعروں سے زیادہ عملی اقدامات کی ضرورت ہے اور رائزنگ پاکستان اسی سوچ کو فروغ دے رہی ہے۔ رخشندہ تسنیم نے کہا کہ رائزنگ پاکستان کا منشور عوامی مسائل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

سارڈین رَن: سمندر کی سب سے بڑی ہجرت کا حیرت انگیز منظر

سارڈین مچھلیاں 19 ڈگری سینٹی گریڈ سے کم درجہ حرارت ٹھنڈے پانی کو پسند کرتی ہیں


پردیسی کے قلم سے
انور ظہیر رہبر، برلن جرمنی
rahber@gmx.de

جنوبی افریقہ کے ساحلوں پر ہر سال موسم سرما میں ایک ایسا قدرتی عجوبہ رونما ہوتا ہے جسے دیکھ کر انسان قدرت کی طاقت اور نظم وضبط پر حیران رہ جاتا ہے۔ اربوں کی تعداد میں سارڈین مچھلیاں، جو جسامت میں چھوٹی لیکن تعداد میں بے شمار ہوتی ہیں، ٹھنڈے پانی کے ایک راستے پر سفر شروع کرتی ہیں۔ یہ عظیم الشان ہجرت نہ صرف سمندری زندگی کے لیے اہم ہے بلکہ دنیا بھر کے شکاری جانوروں کے لیے خوراک کی ایک بڑی وجہ بھی بن جاتی ہے۔

سارڈین مچھلیوں کی ہجرت زمین پر حیاتیاتی کمیت (Biomass) کی سب سے بڑی نقل مکانی ہے۔ ہر سال جون اور جولائی میں جب جنوبی افریقہ میں موسمِ سرما ہوتا ہے، اربوں سارڈین مچھلیاں مشرقی ساحل کے ساتھ شمال کی طرف سفر کرتی ہیں۔ ان کا یہ عظیم غول بعض اوقات سات کلومیٹر لمبا، ڈیڑھ کلومیٹر چوڑا اور تقریباً تیس میٹر گہرا ہوتا ہے۔ آیئے قدرت کے اس عظیم نظارے کے نظام کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

افریقہ کے جنوبی ترین حصے پر دو طاقتور سمندری لہریں آپس میں ملتی ہیں، جو پورے ساحلی علاقے کی آب و ہوا اور ماحولیاتی نظام کو متاثر کرتی ہیں۔ مشرق سے بحرِ ہند گرم، استوائی پانی لے کر آتا ہے۔ جبکہ مغرب سے جنوبی قطب (انٹارکٹیکا) نہایت ٹھنڈا اور غذائی اجزاء سے بھرپور پانی لے کر آتا ہے۔ ان دونوں گرم اور ٹھنڈے پانیوں کے ملاپ سے آخر ہوتا کیا ہے؟

جنوبی حصے پر جب گرم اور ٹھنڈے پانی آپس میں ملتے ہیں تو اس سے لہروں میں شدید ہلچل پیدا ہوتی ہے اور آبی خوردبینی جاندار کی بے شمار تعداد جمع ہوجاتی ہے۔ اسی وجہ سے وہاں رات کے وقت سمندر اکثر نیلی روشنی سے جگمگاتا دکھائی دیتا ہے۔

اس ٹھنڈے گرم پانی کے ملاپ سے جو سب سے خوبصورت نظارہ جنم لیتا ہے اُسے سائنسی زبان میں سارڈین رن یعنی سارڈین مچھلیوں کے غول کی دوڑ کہا جاتا ہے۔ لاکھوں کی تعداد میں سارڈین مچھلیاں اس ٹھنڈے پانی کی پٹی کا پیچھا کرتی ہیں، جس کی وجہ سے ہزاروں ڈولفن، شارک، وہیل اور سمندری پرندے وہاں جمع ہوجاتے ہیں۔ یہ دنیا میں شکاری جانوروں کی سب سے بڑی قدرتی خوراک کی تقریب سمجھی جاتی ہے۔

جہاں یہ دونوں ٹھنڈی گرم لہریں آپس میں ٹکراتی ہیں (خاص طور پر کیپ آف گڈ ہوپ کے قریب)، وہاں اکثر انتہائی بڑی اور خطرناک لہریں پیدا ہوتی ہیں۔ یہ لہریں سرفنگ کھیل کے شوقین افراد میں بہت مشہور ہیں، لیکن بحری جہازوں کے لیے نہایت خطرناک ثابت ہوسکتی ہیں۔

سارڈین مچھلیاں 19 ڈگری سینٹی گریڈ سے کم درجہ حرارت والے ٹھنڈے پانی کو پسند کرتی ہیں۔ موسمِ سرما میں انٹارکٹیکا سے آنے والی نہایت ٹھنڈی سمندری دھاریں ساحل کے ساتھ ساتھ ایک تنگ پٹی کی صورت میں شمال کی طرف بڑھتی ہیں۔ سارڈین مچھلیاں اس عارضی ''ٹھنڈے پانی کی شاہراہ'' کو استعمال کرتے ہوئے جنوب سے سفر شروع کرتی ہیں اور موزمبیق کے ساحلوں تک جا پہنچتی ہیں، جہاں وہ انڈے دیتی ہیں۔

اصل تماشا اس وقت شروع ہوتا ہے جب شکاری جانور سارڈین مچھلی کے غول کو دیکھ لیتے ہیں۔ اس کے بعد جانوروں کی دنیا کی سب سے منظم اجتماعی شکار مہم شروع ہوتی ہے۔

ہزاروں ڈولفن سارڈین کے غول کے ایک حصے کو گھیر لیتی ہیں اور ہوا کے بلبلوں کی دیواریں بنا کر انہیں پانی کی سطح کی طرف دھکیلتی ہیں۔ شدید خوف اور اپنی حفاظت کی کوشش میں سارڈین مچھلیاں ایک نہایت گھنی، گھومتی ہوئی گیند کی شکل اختیار کرلیتی ہیں، جسے بیٹ بال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
SHEHAR NAMA Daily Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568

Email:sheharnama@gmail.com

روزانہ پٹرول بم، Slow Poisen کی مانند!

آل پیٹرول پمپس مالکان اور ڈیلرز ایسوسی ایشن نے دو ہفتے کے لئے ہڑتال مؤخر کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ حکومتی یقین دہانی پر ہڑتال مؤخر کی جا رہی ہے، اُمید ہے کہ مارجن کے معاملے کو آئندہ دو ہفتوں کے اندر حل کر لیا جائے گا۔ پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کے مطابق مذاکرات کے بعد صورتحال میں بہتری آئی ہے اور معاملے کے مستقل حل کے لئے حکام سے رابطہ جاری رہے گا۔ واضح رہے کہ پیٹرول پمپ مالکان ایسوسی ایشن نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے یومیہ تعین پر حکومت سے مذاکرات میں ناکامی کے بعد ملک گیر ہڑتال کا اعلان کیا تھا، جس کا آغاز 23 جولائی کی رات 12 بجے سے ہونا تھا۔ آل پاکستان پیٹرولیم ریٹیلرز ایسوسی ایشن نے بھی پیٹرول پمپ مالکان کی ہڑتال کی کال کی مکمل تائید کی تھی۔ پیٹرول پمپ مالکان کا موقف تھا کہ قیمتوں کا روزانہ کی بنیاد پر تعین اُن کے لئے مزید مسائل پیدا کر دے گا۔ محدود منافع کے ساتھ ایک نئے نظام کی لاگت برداشت کرنا اُن کے لئے فوری طور پر ممکن نہیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ ہفتہ وار قیمتوں کے تعین سے پہلے ہی اُنہیں سٹاک مینجمنٹ، مالی منصوبہ بندی اور کاروباری استحکام میں سنگین مسائل کا سامنا ہے، قیمتوں کا روزانہ تعین بحران کو مزید بڑھا دے گا۔ ایسوسی ایشن کا ایک بڑا مسئلہ یہ ہے کہ فی لیٹر پیٹرول اور ڈیزل پر اُن کا منافع اُس وقت بھی قریباً آٹھ روپے تھا جب پٹرولیم مصنوعات کی قیمت لگ بھگ 175 روپے فی لیٹر تھی، اب جبکہ قیمت بڑھ کر 332 روپے فی لیٹر کی سطح تک پہنچ چکی ہے، ڈیلرز کا مارجن وہی ہے جس کی وجہ سے اب ایک پیٹرول پمپ مالک کو اپنا سٹاک برقرار رکھنے کے لئے تقریباً دوگنا سرمایہ درکار رہے۔ سرمایہ کاری دوگنا ہو جائے اور منافع کی رقم وہی رہے تو سرمائے پر حاصل ہونے والی آمدن آدھی رہ جاتی ہے۔ اِس کی نسبت بجلی کے بڑھتے بِل، ملازمین کی اُجرتیں، نقل و حمل اور پمپوں کی دیکھ بھال کے اخراجات پچھلے چند سالوں میں کئی گنا بڑھ چکے ہیں۔ اِن حالات میں یہ مطالبہ جائز ہے کہ حکومت محض روپے کی بنیاد پر جامد مارجن کی بجائے پیٹرول کی موجودہ قیمت کے تناسب سے ڈیلروں کا مارجن طے کرے اور اُسے حقیقت پسندانہ سطح پر لائے۔

اگر ہڑتال ہو جاتی تو ملک بھر میں ٹرانسپورٹ، کاروبار اور عام آدمی کی معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہونے کا خدشہ تھا۔ یہ کال درحقیقت طویل عرصے سے جاری معاشی تناؤ کا نتیجہ تھی جو انتظامی بے تدبیری اور یکطرفہ پالیسیوں کے باعث پیٹرولیم سیکٹر میں پیدا ہو چکا ہے۔ خطے کی سیاسی صورتحال اور ایران، امریکہ جنگ کی وجہ سے پیٹرولیم مصنوعات کی رسد میں کمی اور بڑھتی قیمتوں سے پیدا ہونے والے تناؤ کے بعد انتظامیہ کے ذریعے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں اور ڈیلروں کے خلاف جو سخت اور بلا تفریق کارروائی شروع کی گئی ہے اُس نے انڈسٹری میں شدید بے چینی پھیلا دی ہے۔ اگر کسی ڈیلر یا کمپنی نے قانون کی کوئی خلاف ورزی کی ہے تو اُس کے خلاف قانون کے مطابق اقدام کیا جا سکتا ہے تاہم سب کو ایک ہی ڈنڈے سے ہانکنا اور ہر کاروباری فرد کو شک و شبے کی نگاہ سے دیکھنا ناقابلِ فہم ہے۔ اِس سختی کا ایک نقصان یہ بھی ہو رہا ہے کہ ملک میں موجود ملٹی نیشنل کمپنیاں اور بڑے سرمایہ کار بددِل ہو رہے ہیں۔ کسی سیکٹر میں غیر یقینی فضاء قائم ہو جائے تو وہاں سے سرمایہ سمٹنا شروع ہو جاتا ہے۔ ملک پہلے ہی بیرونی اور اندرونی سرمایہ کاری کے شدید بحران سے گزر رہا ہے، ایسے میں پیٹرولیم جیسے حساس شعبے میں بے اعتمادی کا ماحول قائم کرنا سرمایہ کاری کے لئے شدید نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ گزشتہ چند ماہ کے دوران حکومت نے عوامی مقبولیت کے لئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بعض اوقات اپنے ہی طے شدہ فارمولے سے ہٹ کر کٹوتیاں کیں، اِس سے فوری سیاسی فائدہ تو حاصل کر لیا گیا لیکن اُس کی قیمت آئل مارکیٹنگ کمپنیوں اور ڈیلروں کو ادا کرنا پڑی۔ مزید برآں یہ تاثر عام کیا گیا کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیاں اور پیٹرول پمپ مالکان بلاجواز بھاری منافع کما رہے ہیں جبکہ حقیقت اِس کے برعکس ہے۔

حکومت ایک طرف کاروباری طبقے کو جائز منافع دینے سے گریزاں ہے، دوسری طرف اس نے ریونیو ٹارگٹ پورے کرنے کے لئے عوامی سطح پر پیٹرولیم لیوی کی شکل میں ایک بھاری بوجھ منتقل کر دیا ہے۔ امیر اور غریب دونوں پر پٹرولیم لیوی کی یکساں شرح نافذ کر دی گئی ہے۔ ریونیو کے حصول کے اِس چکر نے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں، پیٹرول پمپ مالکان اور عوام کو ایک دوسرے کے آمنے سامنے کھڑا کر دیا۔ حکومت کو یہ سمجھنا ہو گا کہ پیٹرولیم لیوی کا تمام بوجھ عوام پر ڈال کر اور کاروباری طبقے کے منافع کی شرح کو ناقابلِ برداشت حد تک کم کر کے معاشی مسائل حل نہیں کیے جا سکتے بلکہ اِس سے بے چینی اور معاشی بے یقینی بڑھے گی۔ پیٹرولیم کی سپلائی چین کسی بھی ملک کے لئے معاشی شریان کا درجہ رکھتی ہے جو ایک دن کے لئے بھی بند ہو جائے تو پورا پہیہ جام ہو سکتا ہے اور اِس کی قیمت بالآخر عام شہری اور قومی معیشت ہی کو ادا کرنا پڑے گی۔ ضروری ہے کہ ڈیلروں کے مارجن کو موجودہ مہنگائی اور سرمائے کی لاگت کے تناسب سے بڑھایا جائے، آئل مارکیٹنگ کمپنیوں اور ڈیلروں کے خدشات دور کیے جائیں اور انتظامیہ غیر ضروری دباؤ ڈالنے سے گریز کرے۔ قیمتوں کے تعین اور لیوی کے معاملے پر تمام سٹیک ہولڈروں پر مشتمل ایک مستقل کمیٹی تشکیل دی جائے تاکہ مستقبل میں ایسے بحرانوں سے بچا جا سکے۔ بہرحال اب حکومت نے بات چیت کر کے ہڑتال موخر تو کرا دی ہے لیکن معاملات ابھی حل نہیں ہوئے، اِس لئے اسے چاہئے کہ تدبر، دانشمندی اور باہمی افہام و تفہیم سے اِس بحران کا فوری اور پائیدار حل نکالے۔ پہیہ جام کر دینے والی ملک گیر ہڑتال ایسے معاشی اور سماجی بحران کا روپ دھار سکتی جسے سنبھالنا مشکل ہو سکتا ہے۔

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

امن کا راستہ!

ایران کے وزیر داخلہ سکندر مومنی نے گزشتہ روز وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی اور انہیں ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا پیغام پہنچایا۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزراء اور اعلیٰ سرکاری حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے خلیج میں حالیہ کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جو خطے میں مزید عدم استحکام کا باعث بن سکتے ہوں۔ انہوں نے اس امر کا اعادہ کیا کہ پاکستان ایک دیانتدار اور مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے گا۔ انہوں نے خطے میں امن واستحکام کے لئے اپنے مضبوط عزم کا بھی اعادہ کیا۔ اس موقع پر ایرانی وزیر داخلہ نے ایرانی قیادت کی جانب سے وزیراعظم شہباز شریف کو نیک خواہشات اور خیر سگالی کا پیغام بھی پہنچایا۔ انہوں نے وزیراعظم، نائب وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور وزیر داخلہ کی ثالثی کی انتھک کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کوششوں کے نتیجہ میں ہی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت طے پائی تھی۔ ملاقات میں خطے کی مجموعی صورت حال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ایرانی وزیر داخلہ دس روزہ جنگ بندی اور دو ہفتے کے لئے آبنائے ہرمز کھولنے کی تجویز لے کر پاکستان آئے ہیں۔ گذشتہ روز امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی پریس کانفرنس میں اس ایرانی تجویز کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایران مذاکرات کی راہ پر آئے گا تو ہم بھی مذاکرات کا راستہ اختیار کریں گے تاہم ایران کو ایٹمی ہتھیار کسی صورت حاصل نہیں کرنے دیں گے۔ ایران نے امریکی حملے دوبارہ شروع ہونے پر اسلام آباد مفاہمتی یادداشت معطل کرنے کا اعلان کیا تھا تاہم اب ایرانی وزیر داخلہ کے دورہ پاکستان سے اسی مفاہمتی یادداشت کی بنیاد پر امریکہ، ایران مذاکرات کی میز دوبارہ سجنے کا قوی امکان پیدا ہو گیا ہے جس کے لیئے ایران کی جنگ بندی کی پیش کش قبول کر کے امریکہ ماحول کو سازگار بنا سکتا ہے۔ یہ افسوسناک صورت حال ہے کہ امریکہ اور ایران دونوں کی جانب سے ایک دوسرے کے اہداف پر حملوں کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث خطے میں امن وامان کے حالات مزید کشیدہ ہو گئے ہیں۔ امریکی صدر ٹرمپ نے ایران کے ایٹمی مرکز نطنز پر حملے کی دھمکی دی ہے جبکہ ایران نے امریکی ایف 15 کو تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی انٹیلی جنس ایجنسی نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے اپنے ہزاروں سنٹری فیوجز" کو کلنگ "منتقل کر دیئے ہیں۔ امریکہ کی جانب سے یہ اعتراف بھی کیا گیا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ کے دوران رواں ماہ جولائی میں اب تک اس کے 100 فوجی زخمی ہوئے ہیں جبکہ اردن کے ائرپورٹ پر ایران کے میزائل حملے میں دو امریکی فوجیوں کی ہلاکت پر امریکی صدر سخت برہمی کا اظہار کر رہے ہیں اور اس کا بدلہ لینے کا عندیہ دے رہے ہیں۔ اس صورت حال میں امن کا راستہ بھی نکلے گا جب دونوں فریق وزیراعظم شہباز شریف کے مشورے پر عمل کر کے تحمل سے کام لیں گے سفارتی کوششوں کا خیر مقدم کریں گے۔ یہ حقیقت ہے کہ مشرق وسطیٰ آج دوبارہ ایک ایسے نازک مرحلے سے گزر رہا ہے جہاں پوری دنیا کے امن، معیشت اور سیاسی استحکام کے لیے نئے خطرات پیدا ہو رہے ہیں۔ اس صورت حال میں امریکہ اور ایران کے مابین جاری کشیدگی، ایک دوسرے پر حملوں، جوابی کارروائیوں، کامیابیوں کے دعوؤں اور نئی دھمکیوں نے حالات کو انتہائی تشویشناک بنا دیا ہے اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے اہم ایٹمی مرکز نطنز کو نشانہ بنانے کی دھمکی نے اس بحران کو مزید سنگینی کی جانب دھکیل دیا ہے چنانچہ ایسی صورتِ حال میں پاکستان کی جانب سے سفارتی سطح پر ادا کیا جانے والا متوازن اور ذمہ دارانہ کردار امید کی ایک کرن ثابت ہو سکتا ہے۔

ایرانی وزیرِ داخلہ کی وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقاتیں اسی سفارتی کوشش کا اہم حصہ ہیں جس میں ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کا خصوصی پیغام بھی پہنچایا گیا اور دونوں ممالک نے خطے کی موجودہ صورتحال، باہمی تعاون اور امن و استحکام کے معاملات پر تفصیلی تبادلۂ خیال بھی کیا۔ دورانِ ملاقات وزیراعظم شہباز شریف نے دوبارہ اس اصولی مؤقف کا اعادہ کیا کہ تمام فریق تحمل، بردباری اور دانشمندی سے کام لیں کیونکہ جنگ کسی مسئلے کا مستقل حل نہیں ہے۔ پاکستان کی یہ پالیسی نہ صرف اس کے قومی مفادات سے ہم آہنگ ہے بلکہ عالمی امن کے تقاضوں سے بھی مطابقت رکھتی ہے۔

پاکستان ماضی میں بھی علاقائی تنازعات کے حل کے لیے مفاہمت، مذاکرات اور سفارت کاری کے راستے پر گامزن رہا ہے یہی وجہ ہے کہ اسلام آباد نے امریکہ اور ایران کے مابین اعتماد سازی کے لیے سفارتی کاوشیں کیں جنہیں عالمی سطح پر بھی مثبت انداز میں پذیرائی حاصل ہوئی۔ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت اسی سلسلے کی ایک اہم پیش رفت تھی جس کا مقصد دونوں ممالک کے مابین مذاکرات کی راہ ہموار کرنا تھا۔ اگر آج امریکہ ایران کی دس روزہ جنگ بندی کی تجویز کو قبول کرتے ہوئے اس مفاہمتی یادداشت کو عملی شکل دینے پر آمادہ ہو جائے تو نہ صرف موجودہ بحران پر قابو پایا جا سکتا ہے بلکہ مستقل مذاکرات کا ایک مؤثر راستہ بھی کھل سکتا ہے۔

اس میں کوئی دورائے نہیں کہ امریکہ اور ایران کے مابین جاری تصادم کا اثر صرف ان دو ممالک تک محدود نہیں رہے گا بلکہ خلیجی ریاستیں، تیل کی عالمی منڈیاں، بین الاقوامی تجارت، سمندری راستے، توانائی کی ترسیل اور عالمی معیشت اس کشیدگی سے براہِ راست متاثر ہو رہی ہے۔ پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک پہلے ہی مہنگائی، توانائی کے بحران اور معاشی دباؤ کی زد میں ہیں۔ اگر جنگ کا دائرہ مزید وسیع ہوا تو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہو گا، تجارتی سرگرمیوں میں رکاوٹ پیدا ہو گی اور عالمی کساد بازاری جیسے خطرات مزید شدت اختیار کر سکتے ہیں۔

اس تناظر میں ایران اور امریکہ دونوں کو یہ حقیقت پیش نظر رکھنی چاہیے کہ طاقت کے استعمال سے کسی کو بھی پائیدار کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی اور دیرپا امن صرف مذاکرات، اعتماد سازی اور سفارتی عمل سے ہی ممکن ہے۔ اگر مستقل امن کے لئے یہی راستہ صائب ہے تو پھر مزید انسانی جانوں کے ضیاع، معاشی تباہی اور علاقائی عدم استحکام کا بوجھ اٹھانے کے بجائے فوری طور پر مذاکرات کا راستہ اختیار کر لیا جانا چاہیے۔

طالبان رجیم میں افغان معیشت تباہی کا شکار

طالبان رجیم کی ناقص اقتصادی پالیسیوں کے باعث افغانستان کا معاشی بحران ہر گزرتے دن کے ساتھ ابتر ہونے لگا ہے۔ قابض طالبان رجیم کی 5 سالہ ترقیاتی حکمتِ عملی ناکام، معاشی کامیابیوں کے بلند و بانگ دعوے زمینی حقیقت سے کوسوں دور ہیں۔ امریکی تعاون سے چلنے والے معروف بین الاقوامی میڈیا نیٹ ورک ریڈیو فری یورپ، ریڈیو لبرٹی کی رپورٹ کے مطابق طالبان رجیم میں افغان معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے۔ بڑھتی مہنگائی، بے روزگاری اور سرمایہ کاری کے فقدان نے عوام کی مشکلات بڑھا دی ہیں۔ مئی میں مہنگائی کی سالانہ شرح 8 فیصد تک پہنچ گئی، جبکہ پچھلے سال اسی مہینے میں یہ شرح 5.0 فیصد تھی، اشیائے خورونوش افغان عوام کی پہنچ سے دور ہیں، غذائی اشیا کی قیمتوں میں 2.8 فیصد تک اضافہ ہوا ہے۔ خواتین کے روزگار اور کاروبار پر پابندیوں نے افغان خاندانوں کی مالی مشکلات اور معاشی بحران کو مزید سنگین کر دیا ہے، افغان رجیم کی نااہلی کے باعث بے روزگاری بلند سطح پر پہنچ چکی ہے، 2025ء میں شرح 35.13 فیصد ریکارڈ کی گئی۔

عالمی ماہرین کے مطابق طالبان رجیم کی جانب سے دہشت گرد تنظیموں کی پشت پناہی نے افغانستان کو سفارتی تنہائی کا شکار کر دیا ہے جس کا خمیازہ وہاں کی معیشت اور عام عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے، افغان رجیم کی انتہا پسند پالیسیوں اور خواتین پر کام کی پابندیوں نے ملک کی نصف پیداواری افرادی قوت کو ناکارہ بنا کر معاشی بحران کو مزید گہرا کر دیا ہے۔ افغانستان میں طالبان حکمرانی کے تحت انسانی حقوق کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر افغان اور بین الاقوامی اداروں نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ سخت مالی پابندیوں، محدود آزادیوں اور معاشی پالیسیوں کی ناکامی نے لاکھوں افغان شہریوں کی زندگیوں کو متاثر کیا جبکہ بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں معمول بنتی جا رہی ہیں۔ ملک میں بے روزگاری اور مسلسل بڑھتی ہوئی معاشی مشکلات نے ہزاروں خاندانوں کو شدید بحران سے دوچار کر دیا، کم آمدنی، مہنگائی اور روزگار کے محدود مواقع کے باعث نوجوان تعلیم چھوڑنے پر مجبور ہیں جبکہ بہت سے افراد معمولی تنخواہوں کے باوجود اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے میں ناکام ہیں۔ ماہرینِ اقتصادیات کا کہنا ہے کہ افغانستان میں سرمایہ کاری اور معاشی بحالی اُس وقت تک ممکن نہیں جب تک سیاسی استحکام اور قابل انتظام حکومتی ڈھانچہ قائم نہیں ہوتا، طالبان کی نااہلی اور غیر واضح پالیسیوں نے ملکی معیشت کو مزید کمزور کر دیا۔

ماہرینِ نفسیات نے خبردار کیا ہے کہ غربت، بے روزگاری اور معاشرتی عدم استحکام نوجوانوں میں ذہنی دباؤ اور خودکشی کے رجحانات میں خطرناک اضافہ کر رہے ہیں۔ دوسری جانب سینٹر فار سیویلینز ان کانفلکٹ کی رپورٹ کے مطابق افغانستان میں شہریوں کی حفاظت کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے جہاں بنیادی سکیورٹی اور انسانی آزادیوں کا شدید فقدان پایا جاتا ہے۔ خواتین پر سخت پابندیوں، تعلیم اور روزگار کے مواقع کے خاتمے اور سفاک طرزِ حکمرانی نے افغانستان کو شدید معاشی اور سماجی بحران میں مبتلا کر دیا ہے جس کا بوجھ براہِ راست عام شہریوں کو اٹھانا پڑ رہا ہے۔

افغانستان میں طالبان رجیم کی ناقص پالیسیوں سے مقامی تاجر شدید متاثر ہوئے ہیں جس کی وجہ سے ہزاروں ٹن سامان اور زرعی پیداوار کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ طالبان رجیم کی شدت پسندی اور ناکام پالیسیوں نے افغان معیشت تباہ کر دی ہے جبکہ جاری سرحدی بندش نے افغان تاجروں کو دیوالیہ کر دیا ہے۔ افغانستان سے پڑوسی ممالک کیلئے تجارتی راستوں کی بندش کے باعث پکتیکا کی منڈی میں زرعی اجناس کے ڈھیر لگ گئے ہیں۔ پاک،

افغان سرحد کے ساتھ ساتھ ایرانی بارڈر بھی بند ہے اور نااہل طالبان رجیم تاجروں کو متبادل راستے اور معاشی ریلیف فراہم کرنے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے۔ ایک وائرل ویڈیو میں پکتیکا کا تاجر بتا رہا ہے کہ آلو کی فصل غیر معمولی طور پر بہت زیادہ ہے اور ہر تاجر کی کوشش ہے کہ اسے ایران بھیج سکے، تاہم ایرانی بارڈر بند ہے۔ افغان طالبان رجیم کی غیر لچکدار پالیسیوں کے باعث افغانستان میں کاروبار، برآمدات اور روزگار کو شدید نقصان ہو رہا ہے۔ طالبان رجیم کی ناقص پالیسیوں کیوجہ سے لاکھوں افغان شہری اپنے گھر بار چھوڑ کر بھاگنے پر مجبور ہو گئے۔ افغان طالبان نے شریعت کی سخت اور کڑی تشریحات کی بنا پر 350 معصوم افغانوں کو قید خانوں میں ڈال دیا ہے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کے افغانستان کے محقق زمن سلطانی کے مطابق طالبان کے زیر سایہ افغانستان تارکین وطن کی واپسی کے لیے دنیا کا خطرناک ترین ملک ہے۔ افغان طالبان بین الاقوامی شناخت حاصل کرنے کیلئے یورپ میں قائم افغان سفارت خانوں پر زبردستی قبضہ جما رہے ہیں۔ طالبان رجیم افغان مہاجرین کی واپسی کے نام پر بین الاقوامی برادری کو اندھیرے میں رکھ کر گمراہ کر رہی ہے۔ یورپی یونین کے خصوصی ایلچی جیل برٹرانڈ کے مطابق طالبان رجیم انسانی حقوق کی خلاف ورزی کر رہی ہے۔ طالبان رجیم کی ناقص اقتصادی پالیسیوں کے باعث افغانستان معاشی تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا۔ قابض طالبان رجیم میں افغانستان میں غربت، بھوک اور افلاس نے سنگین صورتحال اختیار کر لی ہے، جبکہ مفلوج نظام حکومت اور معیشت کی تباہی سے افغانستان ایک ناکام ریاست کی تصویر پیش کر رہا ہے۔

اقوام متحدہ نے خبردار کیا ہے کہ طالبان رجیم میں افغانستان میں بھوک اور غذائی عدم تحفظ کی صورتحال مزید خراب ہو رہی ہے، افغانستان میں ایک کروڑ 30 لاکھ سے زائد افراد غذائی عدم تحفظ کا شکار ہیں، جبکہ خواتین اور بچے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ طالبان رجیم کی نااہلی کے باعث افغانستان اس وقت معاشی تباہی اور بڑے پیمانے پر بیروزگاری جیسے کئی بحرانوں کی زد میں ہے۔ اقوام متحدہ کے ورلڈ فوڈ پروگرام نے خبردار کیا ہے کہ افغانستان میں غذائی قلت کا شکار خواتین اور بچوں کے علاج کیلئے ناگزیر مخصوص خوراک کی فراہمی بھی شدید متاثر ہے۔ ماہرین کیمطابق طالبان رجیم نے ملکی وسائل کو عوامی خوشحالی کے بجائے دہشتگردوں کی پشت پناہی کیلئے وقف کر رکھا ہے، جس کا خمیازہ افغان عوام بھگت رہے ہیں۔

کیا صرف صہیونی اور امریکی سفید فام ہی انسان ہیں؟

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ مسلسل بولنے کا ریکارڈ بنانے پر تلے ہوئے ہیں اور روزانہ کوئی نہ کوئی دھمکی دیتے اور دہراتے رہتے ہیں، حال ہی میں ایران کی طرف سے اردن میں امریکہ اڈے پر ایرانی حملے سے دو امریکی مرے تو ڈونلڈ ٹرمپ باؤلے ہو گئے ان کے منہ سے کف نکلنے لگا اور ایران کو زبردست دھمکی دی کہ اب اگر کسی امریکی فوجی کی جان گئی تو ایران کا براحال کر دیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بات جب کہی تو تب سے اب تک امریکی فضائیہ ایران کے مختلف شہروں کو نشانہ بنائے ہوئے ہے، اب تو ذرائع رسل و رسائل اور آب رسانی کے مقامات بھی امریکی بمباری کی زد میں ہیں، اگرچہ ایران کے شہریوں کا جانی نقصان بہت زیادہ نہیں لیکن پھر بھی امریکہ کی نسبت اس کے شہریوں کی شہادتیں کئی گنا ہیں جبکہ معاشی نقصان کا تو اندازہ نہیں، اس سب کے باوجود ایرانی تاحال ڈٹے ہوئے ہیں اور جوابی طور پر خلیج میں موجود امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ یہ محض اتفاق نہیں، امریکہ کی جنگ عظیم دوم کے بعد کی حکمت عملی ہے کہ خلیج کے تمام مسلم ممالک میں امریکی فوجی اڈے موجود ہیں، یہاں امریکی بھاری اسلحہ کے علاوہ فوجی بھی تعینات ہیں۔ خود امریکی انتظامیہ کے مطابق ان اڈوں پر پچاس ہزار فوجی تعینات ہیں، ایرانی حملوں کے باعث گو اموات کم ہوئی ہیں لیکن زخمی ہونے والے امریکی فوجیوں کی تعداد معقول ہے۔

امریکہ اور یورپی ممالک انسانیت کے بڑے علمبردار ہیں، انسان تو انسان وہ تو کتے بلیوں پر مظالم نہیں سہتے۔ چہ جائیکہ ان کے فوجی مریں، چنانچہ ڈونلڈ ٹرمپ کی بے چینی قابل فہم ہے لیکن یہ انسانیت کے علمبردار ایسے ہیں کہ ان کو غزہ کے فلسطینیوں کی شہادتیں نظر نہیں آتیں، غزہ پر اسرائیلی بمباری میں ہزاروں فلسطینی شہید اور ایک لاکھ سے زیادہ زخمی ہو چکے ان میں معذور ہو جانے والے کئی ہزار ہیں، شہید اور زخمی ہونے والوں میں نوجوان، بوڑھے، بچے، خواتین، نوجوان لڑکیاں اور ننھی پریاں بھی شامل ہیں، امریکی صدر سمیت، اس کی انتظامیہ اور یورپی حکمرانوں کے دلوں میں اس حوالے سے انسانیت نہیں جاگتی۔ غزہ ملبے کا ڈھیر بن چکا، غذا اور ادویات کی بھی قلت اور بچے کھچے لاکھوں فلسطینی کھلے آسمان کے نیچے انسانی ضروریات سے محروم زندگی گزار رہے ہیں ان کا پرسان حال کوئی نہیں، اسرائیل 70 فیصد غزہ پر قابض اور باقی 30 فیصد پر قبضہ مکمل کرنے کو ہے۔ ہر روز کسی نہ کسی حصے میں بمباری کی جاتی ہے، اسی طرح امریکی سینٹ کام کی اپنی اطلاع کے مطابق ایران پر ہر روز بم برسائے اور میزائل معہ ڈرونز داغے جا رہے ہیں اور شہری انفراسٹرکچر بھی متاثر ہو رہا ہے۔

جناب ٹرمپ کو اس ساری صورت حال میں بھی اسرائیل ہی نظر آتا ہے اور اب لبنان کے صدر سے ملاقات کے دوران میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے پھر دہرایا کہ اگر ایران کی ایٹمی تنصیبات ختم نہ کی جاتیں تو ایران جوہری بم حاصل کر چکا ہوتا اور سب سے پہلے اسرائیل دنیا کے نقشے سے غائب ہو جاتا، ویسے ڈونلڈ ٹرمپ اپنے طور پر بڑے انسان دوست ہیں اور ان کو اب لبنان سے بڑی ہمدردی ہو گئی ہے وہ لبنان کے صدر کو اپنا دوست کہہ رہے ہیں اور یہ اعلان کر رہے ہیں کہ لبنان کے لئے بہت کچھ کریں گے اور یہ یقین دہانی اس معاہدہ کے بعد کی گئی جو امریکی تعاون سے اسرائیل اور لبنان کے صدر کے مابین ہوا جس کے مطابق جنوبی لبنان میں تین حفاظتی زون بنائے جا رہے ہیں یہ اسرائیلی تحفظ کے لئے ہیں کہ حزب اللہ نے اسرائیل کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، اب ڈونلڈ ٹرمپ نے پھر سے "ابراہم اکارڈ" کی بات کی اور دعویٰ کیا کہ بہت سے اور ممالک بھی اس کا حصہ بننے جا رہے ہیں، ان کی مراد لبنان کے علاوہ بعض حلیف عرب ممالک سے ہے اور یوں ڈونلڈ ٹرمپ واضح طور پر اسرائیلی نمائندہ بن کر عمل پذیر ہیں، اب انہوں نے ایران پر حملوں میں مزید تیزی کی حمایت کر دی ہے۔ امریکہ کا اپنا ریکارڈ یہ ہے کہ جنگ عظیم دوم کا خاتمہ ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم چلانے کے بعد ہوا تھا دوسرے معنوں میں یہ امریکہ کی تاریخ ہے اور ڈونلڈ ٹرمپ تو امریکہ کے سابق صدور کی نسبت بڑے ہی غیر متوازن اور ناقابل اعتبار ہیں، وہ حالیہ ایران امریکہ جنگ میں اس کا ثبوت بھی دے چکے کہ بی 2 بمباروں سے بمباری کر کے ایرانی ایٹمی تنصیبات کو تباہ کیا اور پھر اسرائیل سے مل کر آیت اللہ خامنہ ای، ان کے اہل خانہ اور کئی اور رہنماؤں کو شہید کیا، یہ سب ان کی "انسان دوستی" ہے، وہ تو غزہ کی تعمیر نو کے بھی داعی

ہیں اور بورڈ بھی بنا کر اس کے چیئرمین بنے ہوئے ہیں لیکن اب تک غزہ سے اسرائیلی فوجیوں کی واپسی بھی نہیں ہوئی اور نہ ہی غزہ بورڈ کا کوئی اجلاس ہوا کہ تعمیر کے حوالے سے کوئی منصوبہ زیر غور آتا، فلسطینی بدستور صہیونی مظالم کا شکار کسمپرسی کی زندگی گزار رہے اور امریکہ اسرائیل کو نہ صرف اسلحہ مہیا کر رہا ہے بلکہ اسرائیل کے اڈے بھی استعمال کر رہا ہے

خبریں تو یہ ہیں کہ پاکستان اپنے دوستوں ترکیہ، سعودی عرب اور قطر کے تعاون سے مصالحت کے لئے پھر سے سرگرم عمل ہے لیکن ٹرمپ انتظامیہ کے ارادے حائل نظر آ رہے ہیں کہ اس نے برطانیہ کے نئے وزیراعظم سے بھی ایران کے خلاف فوجی اڈے مانگے اور ان کو مل بھی گئے ہیں، اس کے علاوہ سینٹ کمیٹی میں امریکی وزیر جنگ ہیگسیتھ نے ٹرمپ انتظامیہ کی طرف سے جنگ کے لئے مزید فنڈز مہیا کرنے کی اپیل کی ہے جو پینٹا گون کی رپورٹ کی روشنی میں ہے۔

قارئین! میں نے آج کوئی نئی بات نہیں کی صرف حالات کی روشنی میں یاددہانی کرائی جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ٹرمپ کی نیت نیک نہیں اور ارادے بھی خطرناک ہیں، وہ صہیونیوں کے تحفظ کے لئے ہر سطح پر اترنے کو تیار ہیں، صہیونی مطمئن اور اب خود کو الگ رکھے ہوئے ہیں کہ ان کا اسلحہ محفوظ رہے تاہم ایران کی قیادت نے بھی اصولی بات کر کے مقابلے کا اعلان کر رکھا اور مسلسل سامنا بھی کر رہا ہے، اس تمام صورت حال کے اثرات دنیا بھر کے ممالک پر مرتب ہو رہے ہیں تاہم پاکستان معاشی طور پر پوری طرح سنبھل نہ پانے کی وجہ سے زیادہ متاثر ہے۔ پاکستانی عوام (اشرافیہ نہیں) جو سفید پوش اور حقیقی غریب ہیں ان کی رگوں سے ایک سے زیادہ بار خون نکالا جا چکا اور اب ہر روز نکالنے کا اہتمام کر دیا گیا ہے۔ مراعات یافتہ اور منافع خور مطمئن ہیں لیکن "عوام" کا دم نکلنے والا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ اس سے پہلے اپنی رحمت سے بچانے کا اہتمام کر دے کہ ہم اسی کے آسرے پر ہیں۔

فرموداتِ قائد



میں ایسے پاکستان کا تصور بھی نہیں کر سکتا' جس میں تاجر نہ ہوں' جس طرح کاشت کاروں یا سرکاری ملازمین کے بغیر پاکستان تصور میں نہیں آتا۔ پاکستان میں تاجروں اور سرمایہ کاروں کا ہمیشہ خیر مقدم کیا جائیگا۔
(چیمبر آف کامرس کراچی 27 اپریل 1948ء)

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

دھرندھر سے شہرت پانے والی اداکارہ عائشہ خان گرفتار

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) فلم 'دھرندھر' سے شہرت پانے والی بالی ووڈ اداکارہ عائشہ خان کو تعلیمی اصلاحات کے حق میں ہونے والے احتجاج میں شرکت کی کوشش کے دوران پولیس نے حراست میں لے لیا، جبکہ اس کارروائی کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق عائشہ خان ممبئی میں طلبا کی جانب سے تعلیمی اصلاحات اور کاکروچ جنتا پارٹی کے احتجاج سے اظہارِ یکجہتی کے لیے پہنچی تھیں، جہاں پولیس نے انہیں گرفتار کر لیا۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ پولیس اہلکار اداکارہ کو زبردستی پولیس وین میں بٹھا رہے ہیں۔ عائشہ خان نے اپنی گرفتاری پر ردعمل دیتے ہوئے دعویٰ کیا کہ انہوں نے نہ کوئی نعرہ لگایا تھا اور نہ ہی کوئی تقریر کی تھی، اس کے باوجود انہیں حراست میں لے لیا گیا۔ عائشہ خان نے انسٹاگرام اسٹوریز پر شیئر کی گئی ویڈیوز میں بتایا کہ وہ صرف احتجاج میں شریک افراد سے یکجہتی کے اظہار کے لیے وہاں موجود تھیں۔ ان کے مطابق جب ان کے بھائی اور دیگر دوستوں کو پولیس وین میں منتقل کیا گیا تو وہ اپنی دو خواتین دوستوں کے ساتھ سڑک کنارے کھڑی تھیں۔ ویڈیوز اداکارہ کا کہنا تھا کہ اسی دوران تقریباً 15 پولیس اہلکاروں نے انہیں اور ان کی دونوں ساتھیوں کو گھیر لیا اور پولیس وین میں بیٹھنے کا حکم دیا۔ انہوں نے متعدد بار پوچھا کہ انہیں کس بنیاد پر حراست میں لیا جا رہا ہے، لیکن کسی اہلکار نے انہیں کوئی واضح جواب نہیں دیا۔

یوٹیوبر مسٹر بیسٹ رشتۂ ازدواج میں منسلک، شادی کی تصاویر وائرل

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) دنیا کے مشہور یوٹیوبر جمی ڈونلڈسن المعروف مسٹر بیسٹ نے اپنی دیرینہ دوست، گیمنگ اسٹریمر اور کنٹینٹ کریئیٹر تھیا بوئسن کے ساتھ باقاعدہ شادی کر لی۔ انہوں نے اپنی نئی زندگی کے آغاز کی خوشخبری سوشل میڈیا پر مداحوں کے ساتھ شیئر کی، جس کے بعد مبارکباد کے پیغامات کا سلسلہ شروع ہو گیا مسٹر بیسٹ نے انسٹاگرام پر شادی کی یادگار تصاویر پوسٹ کرتے ہوئے لکھا، 'مجھے میری مسز بیسٹ مل گئی، اور یہ میری زندگی کا بہترین دن تھا۔' تصاویر میں نوبیاہتا جوڑا خوشگوار اور رومانوی انداز میں دکھائی دیا، جبکہ ان کی پوسٹ دیکھتے ہی مداحوں نے نیک تمناؤں اور محبت بھرے پیغامات سے کمنٹ سیکشن بھر دیا۔ ایک مداح نے تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ 'جمی، تم ہر خوشی کے حقدار ہو'، جبکہ ایک اور صارف نے انہیں ایک دوسرے کے لیے بہترین جوڑی قرار دیا۔ شادی کے موقع پر 28 سالہ مسٹر بیسٹ نے کریم رنگ کا ٹکسیڈو اور سیاہ بو ٹائی پہن رکھی تھی، جبکہ 26 سالہ تھیا بوئسن سفید رنگ کے نفیس لیس سے مزین عروسی لباس میں جلوہ گر ہوئیں۔ دونوں کی تصاویر خوشی، محبت اور جشن کے خوبصورت لمحات کی عکاسی کرتی نظر آئیں۔ رپورٹس کے مطابق مسٹر بیسٹ اور تھیا بوئسن کی پہلی ملاقات 2022 میں جنوبی افریقا میں ایک مشترکہ دوست کے ذریعے ہوئی تھی۔ یوٹیوب، سائنس اور نئی چیزیں سیکھنے کے مشترکہ شوق نے دونوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں اہم کردار ادا کیا۔

اسپائیڈر مین کی نئی فلم میں سیڈی سنک کا کردار بارے اہم انکشاف

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) مارول کی نئی فلم 'اسپائیڈر مین: برانڈ نیو ڈے' کا آخری ٹریلر جاری ہونے کے بعد جہاں مداحوں کا جوش عروج پر پہنچ گیا ہے، وہیں اداکارہ سیڈی سنک کے کردار سے متعلق معمہ بدستور برقرار ہے۔ فلم کے ہدایتکار ڈیسٹن ڈینیئل کریٹن نے واضح کیا ہے کہ ان کا کردار جان بوجھ کر خفیہ رکھا گیا ہے اور اس کے پیچھے ایک اہم وجہ موجود ہے۔ ہدایتکار نے رولنگ اسٹون کو دیے گئے انٹرویو میں کہا کہ اگر کچھ لوگ اس رازداری پر ناراض ہوتے ہیں تو وہ اس پر قابو نہیں پا سکتے۔ ان کے مطابق وہ ذاتی طور پر فلم دیکھنے سے پہلے اس کی تفصیلات جاننے کے قائل نہیں ہیں، حتیٰ کہ اگر وہ کسی فلم کا انتظار کر رہے ہوں تو اس کا ٹریلر بھی دیکھنے سے گریز کرتے ہیں۔ ڈیسٹن ڈینیئل کریٹن کا کہنا تھا کہ فلم دیکھنے کے بعد شائقین کو خود اندازہ ہو جائے گا کہ سیڈی سنک کے کردار کو خفیہ رکھنا کیوں ضروری تھا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ فلم دیکھنے کے بعد مداح ناراض ہونے کے بجائے یہی کہیں گے کہ اچھا ہوا انہیں پہلے سے اس کردار کے بارے میں کچھ معلوم نہیں تھا۔ دوسری جانب 'اسپائیڈر مین: برانڈ نیو ڈے' کا فائنل ٹریلر بھی جاری کر دیا گیا ہے، جس میں ایکشن سے بھرپور مناظر شامل ہیں۔ ٹریلر میں ٹام ہالینڈ ایک بار پھر پیٹر پارکر، اسپائیڈر مین کے روپ میں دکھائی دیتے ہیں، جبکہ زینڈایا بھی اپنے کردار ایم جے میں ان کے ساتھ نظر آتی ہیں۔ ٹریلر میں مارک رفالو کے مشہور کردار ہلک کی واپسی بھی دکھائی گئی ہے، جو 'ایونجرز: انفینیٹی وار' کے بعد پہلی بار بولتے ہوئے کہتے ہیں، 'نو بینر، اونلی ہلک'، جس نے مداحوں کی دلچسپی مزید بڑھا دی ہے۔

نعیمہ بٹ کے بہت نخرے ہیں اور میں یہ برداشت کرنیوالی ڈائریکٹر نہیں، سنگیتا

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ و ڈائریکٹر سنگیتا نے اداکارہ نعیمہ بٹ سے متعلق حیرت انگیز انکشاف کیا ہے۔ حال ہی میں سنگیتا نے ایک انٹرویو دیا جس میں انہوں نے ماضی کے قصوں سمیت مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ سینئر اداکارہ نے اپنی فلم مکھو کے حوالے سے بھی گفتگو کی جس دوران انہوں نے اداکارہ نعیمہ بٹ کے بارے میں حیران کن انکشاف کیا۔ سنگیتا نے کہا کہ فلم میں نعیمہ بٹ کو شروع میں کاسٹ کیا تھا لیکن میں نخرے برداشت کرنے والی ڈائریکٹر نہیں ہوں، وہ مجھے کہتی تھیں آپ اس کو ہیرو لے لیجئے، فلاں کام کر لیجئے فلاں کی کاسٹ کر لیجئے تو پھر میں نے کہا بی بی معاف کر دیجئے اور مجھے میری ایڈوانس رقم واپس کر دیجئے پھر نعیمہ بٹ نے میرا ایڈوانس واپس کر دیا۔ سنگیتا نے نعیمہ بٹ کے بارے میں بات کرتے ہوئے مزید کہا کہ تم ابھی نئی آئی ہو اور مجھے انڈسٹری میں 50 سال ہو گئے ہیں، وہ مجھے مشورہ دے گی یہ تو نہیں ہو سکتا ہے، ڈراموں میں کام کر رہی ہے اچھی بات ہے لیکن فلم میں بہت اچھا رول تھا، ان کے نخروں کی وجہ سے میں نے منع کر دیا، ہم نے اپنے دور میں نخرے نہیں کیے۔

بقیہ نمبر 1

کا اعلان کیا گیا۔ [illegible] پی ایف یو جے کی موجودہ قیادت [illegible] ممبران کی بہبود کے لیے [illegible] انہوں نے کہا کہ بہت جلد پی ایف یو جے [illegible] صحافتی تنظیموں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر کے مضبوط اور متحد یونین کی تشکیل دی جائے گی [illegible] صحافی برادری [illegible]

بقیہ نمبر 2

وصولیوں کے لیے ٹھیکوں کی نیلامی کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق [illegible] 03 اگست 2026 کو دوپہر 12 بجے [illegible] میونسپل کارپوریشن راولپنڈی کے دفتر میں Auctioning of 2016,Collection Rights Rules کے تحت منعقد ہوگی۔ اعلامیہ میں بتایا گیا کہ [illegible]

بقیہ نمبر 3

[illegible] میڈیکل اسٹورز [illegible] ادویات [illegible]

بقیہ نمبر 4

صبح 05:00 بجے کے دوران انجام دی جائے گی۔ [illegible] IRIS [illegible] POS [illegible] SWAPS [illegible] Registration [illegible]

بقیہ نمبر 5

[illegible]

بقیہ نمبر 6

[illegible] 6040 میگاواٹ [illegible]

بقیہ نمبر 7

[illegible]

اجاگر کیا گیا ہے۔ [illegible]

بقیہ نمبر 8

[illegible]

بقیہ نمبر 9

[illegible]

بقیہ نمبر 10

[illegible]

بقیہ نمبر 11

[illegible]

بقیہ نمبر 12

[illegible]

بقیہ نمبر 13

[illegible] OEPs [illegible] PSDF [illegible]

پروگرام کا مقصد بینک آف پنجاب کے اشتراک سے [illegible] 45,000 تیم ہنرمند اور ہنرمند نوجوانوں کو بلاسود قرضے فراہم کرنا ہے۔ اس اقدام سے ہنرمند نوجوان بیرون ملک ملازمت کا آفر نامہ ملنے کے بعد روانگی سے قبل کے اخراجات پورے کر سکیں گے۔ بین الاقوامی روزگار کے حصول میں حائل رکاوٹوں کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ اس کا مقصد ہنرمند نوجوانوں کو اس قابل بنانا ہے کہ تعمیرات، مہمان نوازی اور صحت کی دیکھ بھال سمیت اہم شعبوں میں اپنے بین الاقوامی کیریئر کا آغاز کر سکیں اور محفوظ، قانونی اور باعزت بیرون ملک روزگار کے ذریعے آمدنی حاصل کر سکیں۔ اس تقریب میں سوال و جواب کا ایک انٹرایکٹو سیشن بھی منعقد ہوا۔ اس سیشن کے دوران شرکاء نے اسکلز، باہمی تعاون کے مواقع، مارکیٹ کی ضروریات، بیرون ملک روزگار کے نظام (ایکو سسٹم) کو مضبوط بنانے سے متعلق تجاویز پر تبادلہ خیال کیا۔ اس سیشن نے حکومت اور صنعت سے وابستہ فریقین کے درمیان تعمیری مکالمے کی حوصلہ افزائی کی اور مارکیٹ کے حالات سے ہم آہنگ اقدامات وضع کرنے کے لیے PSDF کے عزم کو تقویت دی جو عالمی سطح پر افرادی قوت کی نقل و حرکت کو آسان بناتے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ٹاسک فورس برائے اسکلز ڈیولپمنٹ کے چیئرمین عثمان چھٹہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عوام دوست اقدامات یقینی بنائے ہیں اور نوجوانوں کے مسائل کے حل اور بہتر مستقبل کے لیے مختلف منصوبے شروع کیے ہیں۔ اسکلز ڈیولپمنٹ فنڈ اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ پروگرام کے تحت نوجوانوں کے بیرون ملک روزگار کی فراہمی کے خوابوں کو تعبیر ملے گی۔

بقیہ نمبر 14

علاقوں میں بغیر پیشگی ویزا کے داخل ہو سکتے ہیں۔ ادارے کے مطابق بعض صورتوں میں [illegible] ویزا پالیسی پر اثر انداز ہو سکتی ہے، اس لیے عملی صورتحال مختلف بھی ہو سکتی ہے۔ پاکستان کی درجہ بندی میں بہتری آئی ہے لیکن اب بھی دنیا کے کمزور ترین پاسپورٹس میں شامل ہے۔ تازہ فہرست میں پاکستان صرف عراق، شام اور افغانستان سے بہتر پوزیشن پر ہے، [illegible] 22 مقامات تک ویزا فری رسائی [illegible] فہرست کے آخری نمبر پر موجود [illegible] ممالک سے موازنہ کیا جائے تو [illegible] بھی پیچھے ہے۔ بھارت 81ویں نمبر پر [illegible] کے شہری 55 مقامات پر بغیر پیشگی ویزا [illegible] ہیں۔ بنگلہ دیش 97ویں نمبر پر ہے [illegible] اسکور 35 ہے، جبکہ نیپال 98ویں [illegible] اور اس کے پاسپورٹ ہولڈرز 34 [illegible] ویزا فری رسائی رکھتے ہیں۔ اس طرح [illegible] درجے بہتری کے باوجود، ان تینوں [illegible] سے کم ویزا فری سفری سہولت رکھتا [illegible] درجہ بندی میں سنگاپور مسلسل پہلے نمبر پر [illegible] یہاں کے شہری 192 مقامات پر بغیر [illegible] سفر کر سکتے ہیں

بقیہ نمبر 15

فیصلہ محفوظ کر لیا۔ جسٹس انعام امین [illegible] درخواست پر سماعت کی، درخواست [illegible] سے بیرسٹر ظفر اللہ جبکہ اسسٹنٹ [illegible] ایف آئی اے اور امیگریشن حکام بھی [illegible] ہوئے۔ عدالتی ہدایت پر بیرسٹر ظفر اللہ [illegible] کا خط پڑھا۔ جسٹس انعام امین [illegible] استفسار کیا کہ متعلقہ پولیس کہہ رہی ہے [illegible]

بقیہ نمبر 16

کہ ماریہ شہباز کم عمر ہے اسے ورغلا کر شادی کرائی گئی، جسٹس حسن اظہر رضوی [illegible] کہ عمر کم بھی ہو تو شادی اگر ہو جائے تو [illegible] کا حل کیا ہے؟ درخواست گزار نے [illegible] کیلئے 18 سال کی عمر کا قانون ہے، یہ [illegible] نہیں رہ سکتی۔ جسٹس حسن اظہر رضوی [illegible] دیئے قانون میں کم عمری کی شادی کے [illegible] ذکر ہے نکاح منسوخی کا نہیں، بچی نے [illegible] سے آئینی عدالت تک کہیں نہیں [illegible] ساتھ زبردستی ہوئی، آپ کا اصرار ہے تو [illegible] ایڈووکیٹ جنرل سے معاونت لے [illegible] عدالت نے مقدمے کی مزید سماعت [illegible] تک ملتوی کر دی

بقیہ نمبر 17

[illegible] 2008 سے 8 ستمبر 2013 تک [illegible] صدر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 18

[illegible] گیا ہے، جبکہ نیٹ ورک سے وابستہ [illegible] گرفتاری کے لیے بھی چھاپے مارے جا [illegible] ایف آئی اے کا کہنا ہے کہ سرکاری دفاتر [illegible] غیر قانونی ایجنٹ مافیا کے خلاف کارروائیاں [illegible] تاکہ شہریوں کو دھوکہ دہی اور غیر قانونی [illegible] محفوظ رکھا جا سکے۔

بقیہ نمبر 19

[illegible] سمیت پاکستان کے چاروں صوبوں، [illegible] گلگت بلتستان میں شائع ہونے والے [illegible] اخبارات کی ناگزیر اہمیت کو نظر [illegible] جا سکتا۔
[illegible] اسلام آباد بیورو ز جرنلسٹ ایسوسی ایشن [illegible] صدر مرتضیٰ ملک، جنرل سیکرٹری فیاض [illegible] سردار شوکت محمود، سینئر نائب صدر [illegible] اور نائب صدر احسن ناریجو کی [illegible] ملاقات کرنے والے وفد سے گفتگو کر [illegible] نئے تعینات پرنسپل انفارمیشن آفیسر [illegible] اہم ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد [illegible] ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار [illegible] موقع پر رہجا کے وفد نے جڑواں شہر [illegible] اسلام آباد میں پاکستان کے چاروں [illegible] آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سے شائع [illegible] اخبارات اور مختلف ٹی وی چینلز میں [illegible] والے بیورو چیفس، صحافیوں اور میڈیا [illegible] فوری حل طلب مسائل سے پرنسپل [illegible] آفیسر کو آگاہ کیا۔ وفد نے بقایا جات کی [illegible] تاخیر کے باعث بیورو چیفس، صحافیوں [illegible] ورکرز کو تنخواہوں کی ادائیگی میں درپیش [illegible] اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے [illegible] سے بھی آگاہ کیا۔ وفد نے مطالبہ کیا [illegible] ایجنسیوں کو کلاسیفائیڈ [illegible] بلنگ سے متعلق بروقت معلومات [illegible] کا پابند کیا جائے، کیونکہ معلومات کی [illegible] کے باعث کلاسیفائیڈ اشتہارات کی [illegible] شکار ہیں۔ وفد نے کہا کہ ڈیلے [illegible] ادائیگی کے باعث زیادہ رقوم بقایا [illegible] مکمل ادائیگی کا اہتمام کر کے علاقائی [illegible] سے تعاون کیا جائے۔ وفد نے مطالبہ کیا [illegible] کے بلنگ سسٹم کو ڈیجیٹلائز کیا جائے [illegible] مکمل معلومات ایک کلک پر دستیاب [illegible] نے بلنگ اور ادائیگیوں کا نظام ترتیب [illegible] تجویز بھی پیش کی اور کہا کہ پی آئی ڈی [illegible] پی آئی ڈی نمبر 2 اور پھر پی آئی ڈی [illegible] کی ترتیب وار ادائیگی کا نظام وضع کیا [illegible] نظام میں مزید شفافیت پیدا ہو اور [illegible] اپنے بقایا جات کے حوالے سے واضح [illegible] معلومات دستیاب رہیں

بقیہ نمبر 20

[illegible] میں پولنگ الگ الگ تاریخوں پر [illegible] شدہ شیڈول کے مطابق:- پہلا [illegible] 27 جولائی 2026 کو میرپور ڈویژن میں [illegible] جس میں ضلع میرپور، ضلع کوٹلی اور ضلع [illegible] ہیں۔- دوسرا مرحلہ: 2 اگست 2026 [illegible] ڈویژن میں انتخابات ہوں گے، جن [illegible] آباد، ضلع جہلم ویلی اور ضلع نیلم شامل [illegible] پاکستان میں مقیم مہاجرین جموں و [illegible] نشستوں پر بھی پولنگ ہوگی۔- تیسرا [illegible] اگست 2026 کو پونچھ ڈویژن میں [illegible] جس میں ضلع پونچھ، ضلع باغ، ضلع حویلی [illegible] سدھنوتی شامل ہیں۔ اس طرح:- ضلع [illegible] اگست 2026- ضلع باغ: 10 اگست [illegible] ضلع میرپور: 27 جولائی 2026- ضلع پونچھ: 10 اگست 2026- ضلع کوٹلی: 27 جولائی 2026 چیف الیکشن کمشنر غلام مصطفیٰ مغل کے مطابق انتخابات کو مرحلہ وار کرانے کا فیصلہ سیکیورٹی اور پرامن انتخابی عمل کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا ہے، جبکہ پولنگ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہے گی

بقیہ نمبر 21

ہوئے عوام پر ناقابل برداشت بوجھ ڈال رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول اور ڈیزل مہنگا ہونے سے اشیائے خورد و نوش، ٹرانسپورٹ، بجلی اور روزمرہ استعمال کی دیگر ضروری اشیاء کی قیمتوں میں بھی مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس سے عام آدمی کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ ہو گیا ہے۔ راجہ ساجد محمود عباسی نے کہا کہ مزدور، محنت کش اور کم آمدنی والے طبقے پہلے ہی شدید معاشی دباؤ کا شکار ہیں، ایسے میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بار بار اضافہ عوام کی قوت خرید کو مزید متاثر کر رہا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کیا گیا اضافہ واپس لیا جائے اور مہنگائی پر قابو پانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ عوامی مسائل کو ترجیح دے اور ایسے فیصلوں سے گریز کرے جو معاشرے کے غریب اور متوسط طبقے کے لیے مزید مشکلات پیدا کریں

بقیہ نمبر 22

علاج کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے، جبکہ سٹروک سینٹر کے قیام سے جہلم اور گردونواح کے مریضوں کو بروقت اور خصوصی طبی سہولیات میسر آئیں گی، جس سے قیمتی جانیں بچانے میں مدد ملے گی۔ بعد ازاں میجر جنرل (ر) ڈاکٹر اظہر محمود کیانی نے ڈی ایچ کیو ہسپتال کے مختلف شعبہ جات اور وارڈز کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے مریضوں سے ملاقات کی، ان کی عیادت کی اور علاج معالجے، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور دیگر طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی بلاتعطل دستیابی اور علاج کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ نمبر 23

نے انتخابی مہم کے دوران عوام کے دل جیت لیے ہیں اور وہ عملی طور پر الیکشن سے قبل ہی کامیابی حاصل کر چکے ہیں، اب صرف ووٹنگ کی رسمی کارروائی باقی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس مرتبہ حلقے کے عوام نے ترقی، خدمت اور مثبت سیاست کے حق میں فیصلہ کر لیا ہے، جس کا اظہار 27 جولائی کو ووٹ کی طاقت سے ہوگا۔
ٹھیکیدار چوہدری مہربان نے کہا کہ اس بار "تیر" نہیں بلکہ "شیر" کی گرج سنائی دے گی، اور روایتی سیاست کے نام پر عوام کو تقسیم کرنے والے عناصر کو عوام مسترد کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حلقے کے باشعور عوام اب نعروں اور وعدوں کے بجائے کارکردگی، تعلیم یافتہ قیادت اور عملی خدمت کو ترجیح دے رہے ہیں، جس کی بہترین مثال چوہدری عظیم بخش کی شخصیت ہے۔
کونسلر مہربان نے اپنے بیان میں کہا کہ چوہدری عظیم بخش ایک پڑھے لکھے، باصلاحیت، باکردار اور سلجھے ہوئے نوجوان سیاستدان ہیں، جنہوں نے مختصر عرصے میں مسلم لیگ (ن) کے قائدین کے وژن اور پارٹی منشور کو اسلام گڑھ کے ہر گاؤں، محلے اور گھر تک پہنچایا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوان، بزرگ، خواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بڑی تعداد میں مسلم لیگ (ن) کے قافلے میں شامل ہو رہے ہیں، جو عوام کے بڑھتے ہوئے اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔
انہوں نے مزید کہا کہ حلقے میں عوامی رابطہ مہم کے دوران انہیں بے مثال پذیرائی حاصل ہو رہی ہے، جبکہ مختلف سیاسی و سماجی شخصیات کی جانب سے بھی چوہدری عظیم بخش کی حمایت کا سلسلہ جاری ہے۔ ان کے مطابق عوام ترقیاتی منصوبوں کے تسلسل، بہتر طرز حکمرانی اور خوشحال مستقبل کے لیے مسلم لیگ (ن) کے امیدوار پر بھرپور اعتماد کا اظہار کر رہے ہیں۔
آخر میں دونوں رہنماؤں نے حلقے کے ووٹروں سے اپیل کی کہ وہ 27 جولائی کو گھروں سے نکل کر شیر کے انتخابی نشان پر مہر ثبت کریں اور چوہدری عظیم بخش کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنا کر ترقی، استحکام اور عوامی خدمت کے نئے دور کا آغاز کریں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ حلقہ ایل اے ٹو اسلام گڑھ کے عوام کا فیصلہ مسلم لیگ (ن) اور چوہدری عظیم بخش کے حق میں ہوگا اور کامیابی کا یہ دن علاقے کی ترقی و خوشحالی کی نئی بنیاد رکھے گا۔

بقیہ نمبر 24

خصوصی سابق وزیر خزانہ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار چوہدری قاسم مجید تھے، جن کا شرکاء نے والہانہ استقبال کیا۔ تقریب میں نئے شامل ہونے والے رہنماؤں کو پھولوں کے ہار پہنا کر خوش آمدید کہا گیا، جبکہ کارکنوں نے نعروں سے ماحول کو گرما دیا۔ اپنے خطاب میں چوہدری قاسم مجید نے چوہدری اخلاق اور ان کے تمام ساتھیوں کو پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ صرف ایک سیاسی شمولیت نہیں بلکہ عوامی اعتماد اور محبت کا اظہار ہے۔ انہوں نے کہا، "میں چوہدری اخلاق، ان کے پورے قبیلے اور تمام رفقائے کار کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھ پر اعتماد کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کے قافلے کا حصہ بننے کا فیصلہ کیا۔" انہوں نے اپنے خطاب میں جذباتی انداز اپناتے ہوئے کہا، "میں اس قبیلے کا نوکر ہوں، حکمران نہیں۔ میری پوری زندگی آپ کے حقوق، عزت اور خدمت کے لیے وقف ہے۔ جہاں آپ کا پسینہ گرے گا، وہاں ان شاء اللہ قاسم مجید کا خون گرے گا۔ میں آپ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑوں گا اور ہر مشکل گھڑی میں آپ کے ساتھ کھڑا رہوں گا۔"
چوہدری قاسم مجید کے اس پرجوش خطاب پر شرکاء نے بھرپور انداز میں داد دی اور نعروں کے ذریعے اپنی بھرپور حمایت کا اظہار کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ یہ شمولیت علاقے کی سیاست میں ایک اہم موڑ ثابت ہوگی اور آئندہ انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کو مزید مضبوط کرے گی۔ تقریب کے دوران سینئر سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری لیاقت نے بھی خطاب کیا اور چوہدری قاسم مجید کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی تمام تر سیاسی صلاحیتیں اور توانائیاں الیکشن مہم کی کامیابی کے لیے وقف کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ عوام کی حقیقی خدمت کرنے والی قیادت کا ساتھ دیا جائے، اور چوہدری قاسم مجید نے ہمیشہ عوامی مسائل کو ترجیح دی ہے۔
چوہدری لیاقت نے اعلان کیا کہ وہ گھر گھر جا کر پاکستان پیپلز پارٹی کا پیغام پہنچائیں گے اور عوام کو قائل کریں گے کہ وہ ترقی، خدمت اور عوامی نمائندگی کے سفر میں چوہدری قاسم مجید کا ساتھ دیں۔ تقریب کے اختتام پر چوہدری قاسم مجید نے نئے شامل ہونے والے تمام افراد کے گلے میں پھولوں کے ہار ڈال کر ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر کارکنوں نے ایک دوسرے کو مبارکباد دی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آئندہ انتخابات میں بھرپور محنت کے ذریعے پاکستان پیپلز پارٹی کی کامیابی کو یقینی بنائیں گے۔
سیاسی مبصرین کے مطابق چوہدری اخلاق اور ان کے بااثر قبیلے کی پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت مقامی سیاست میں ایک اہم پیش رفت تصور کی جا رہی ہے، جس سے علاقے میں انتخابی ماحول مزید دلچسپ ہونے کی توقع ہے۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اتحاد، خدمت اور عوامی فلاح کے سفر کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 25

معذرت کر لی بروز جمعہ پھگواڑی بازار میں اپنی پارٹی سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے رہنماؤں نے ضلعی صدر عبدالجبار ستی کو اس اہم معاملے کو بہترین انداز میں اجاگر کرنے پر خراج تحسین پیش کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ کسی کو بھی پارٹی پرچم کی بے حرمتی ہرگز نہیں ہونے دیں گے اس موقع پر پوری یونین کونسل پھگواڑی میں پی پی پی پرچم لہرائے گئے اس یکجہتی پروگرام زیر صدارت ہمایوں مرتضیٰ عباسی کے منعقد ہوا دیگر شرکاء میں عثمان عباسی سعادت مرتضیٰ ظہور عباسی شکیل عباسی چوہدری ریاست و دیگر تمام کارکنان موجود تھے اخلاص ستی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری تحصیل کوٹلی ستیاں نے ضلعی صدر عبدالجبار ستی اور تحصیل کوٹلی ستیاں کی طرف سے نمائندگی کی

بقیہ نمبر 26

۔ انہیں 5 لاکھ روپے قرض دیا جائے گا جو انہیں 9 سال میں صرف 4,700 روپے ماہانہ قسط کی صورت ادا کرنا ہوگا۔ وہ شہری جو اپنے گھروں کی توسیع (دوسری منزل) کی تعمیر کرنا چاہتے ہیں، انہیں 10 لاکھ روپے بلاسود قرض دیا جائے گا اور اس کی مدت واپسی بھی 9 سال ہے، اس قرض کی ماہانہ قسط 9,300 روپے ہوگی۔ دلچسپی رکھنے والے شہری acag.punjab.gov.pk کے ذریعے اپنی چھت، محفوظ چھت لون سکیم کے لیے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ پروگرام کے لیے رجسٹر ہونے کیلئے انہیں اپنی اسناد داخل کرنے کی ضرورت ہے۔ درخواست دہندگان ہاتھ سے لکھی درخواست بھی جمع کرا سکتے ہیں۔ وہ لوگ کمپیوٹر استعمال نہیں کر سکتے وہ اپنی قرض کی درخواستیں ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی کے دفاتر میں جمع کرائیں۔

بقیہ نمبر 27

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی تصویر اور آزاد کشمیر کے لئے تحفہ کے الفاظ لکھے گئے ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مظفرآباد میں پہلے انتخابی جلسے میں آزاد کشمیر کے لئے الیکٹرو بسیں دینے کا تحفہ دینے کا اعلان کیا تھا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 48 گھنٹے میں آزاد کشمیر کے عوام سے کیا ہوا اپنا وعدہ پورا کر دیا۔

بقیہ نمبر 28

اظہار چوہدری عمران الیاس ایم پی اے و چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ایگریکلچر اینڈ فشریز و ممبر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ جیل خانہ جات نے اڈیالہ پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میاں محمد نواز شریف کی بصیرت افروز قیادت، اور وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی عوام دوست پالیسیوں اور ترقیاتی وژن، اور وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی بے مثال کارکردگی اور ترقی کرتا ہوا پنجاب اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ مسلم لیگ (ن) ہی عوام کی حقیقی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ ان شاء اللہ آزاد جموں و کشمیر میں بھی مسلم لیگ (ن) کی حکومت عوام کی امیدوں پر پورا اترے گی۔ ترقی، خوشحالی، بہتر انفراسٹرکچر، روزگار کے نئے مواقع، سیاحت کا فروغ، تعلیم و صحت کی بہتری، نوجوانوں کے لیے مواقع، خواتین کی فلاح و بہبود اور عوامی خدمت کے نئے باب رقم کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 29

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر کی ہدایت پر جمعۃ المبارک کے موقع پر ضلع بھر میں مساجد اور ان کے گردونواح میں خصوصی صفائی آپریشن کیا گیا، صفائی عملے نے مساجد کے اندرونی و بیرونی حصوں کی صفائی، واشنگ، چونے کا چھڑکاؤ اور اردگرد کے علاقوں سے کوڑا کرکٹ بروقت اٹھانے کے اقدامات کیے تاکہ نمازیوں کو صاف، ستھرا اور خوشگوار ماحول میسر آ سکے، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کمیونیکیشن ٹیم نے مختلف مساجد میں انسداد ڈینگی، صفائی کی اہمیت اور ستھرا پنجاب شہری ہیلپ لائن 1139 سے متعلق آگاہی مہم بھی چلائی، نماز جمعہ سے قبل اور بعد میں نمازیوں میں معلوماتی پمفلٹس تقسیم کیے گئے، جبکہ امام صاحبان سے ملاقات کر کے درخواست کی گئی کہ وہ اپنے خطبات میں صفائی کو اسلامی تعلیمات کا اہم حصہ اجاگر کریں، شہریوں کو گھروں، گلی محلوں اور مساجد کے اطراف صفائی برقرار رکھنے، پانی کھڑا نہ ہونے دینے، ڈینگی سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور صفائی سے متعلق شکایات کے اندراج کے لیے ہیلپ لائن 1139 کے استعمال کی تلقین کریں۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی و سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر نے کہا کہ صفائی نصف ایمان ہے اور صاف ستھرا ماحول صحت مند معاشرے کی بنیاد ہے۔ مساجد کی صفائی ہماری اولین ترجیح ہے، جبکہ انسداد ڈینگی مہم میں عوامی تعاون انتہائی ضروری ہے۔ شہری اپنے اردگرد صفائی برقرار رکھیں، پانی جمع نہ ہونے دیں اور صفائی سے متعلق کسی بھی شکایت کے لیے فوری طور پر ہیلپ لائن 1139 سے رابطہ کریں۔ عوامی تعاون سے ہی ستھرا پنجاب پروگرام کے مقاصد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی کو صاف، سرسبز اور صحت مند شہر بنانے کے لیے صفائی آپریشن اور آگاہی مہم مسلسل جاری رہیں گی، جبکہ شہریوں کی شمولیت سے صفائی کا یہ مشن مزید مؤثر بنایا جائے گا

بقیہ نمبر 30

داری کا درس دے رہے ہیں۔ ن لیگی رہنما رانا ثنا اللہ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید نے کہا کہ رانا ثنا ہوش کے ناخن لیں اور سستی شہرت کی سیاست بند کریں، پیپلز پارٹی کے خلاف ہر زبان کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ سعدیہ جاوید نے کہا کہ سندھ کے خلاف زہر اگلنے والے پہلے شریف خاندان کی بین الاقوامی لوٹ مار، فلیٹس کا کچا چٹھا کھولیں، کہانیاں گھڑنے والوں کی اپنی سیاست بیساکھیوں، ڈیلز اور سازشوں کے سہارے قائم ہے۔ ترجمان سندھ حکومت نے کہا کہ ان کی بوکھلاہٹ بتا رہی ہے کہ ن لیگ کو آزاد کشمیر میں عبرتناک شکست نظر آ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے وسائل پر نظریں گاڑنے والے سیاسی شعبدہ باز پہلے اپنے گریبان میں جھانکیں، جس جماعت کی بنیاد ہی جمہوریت دشمنی پر ہو وہ ہمیں عوامی مینڈیٹ اور شعور کا طعنہ نہ دے۔ سعدیہ جاوید نے مزید کہا کہ عوام ن لیگ کے جھوٹ کو اچھی طرح پہچان چکے ہیں، اب آپ کا یہ سیاسی ڈرامہ مزید نہیں چلے گا۔

بقیہ نمبر 31

پنجاب کو 10 دن کی مہلت دی ہے اسی طرح آل پاکستان نانبائی ایسوسی ایشن بھی حکومت پنجاب کو دس دن کی مہلت دیتی ہے جو لائحہ عمل کا اعلان پنجاب ایسوسی ایشن کرے گی وہ تمام تنظیموں کا متفقہ فیصلہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے موجودہ آٹا فائن اور میدہ کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے حوالے سے ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر جنرل سیکرٹری خورشید قریشی سینئر نائب صدر سردار مشتاق، گل خان، گل والی خان، عمران قریشی، امین قریشی، ضیاء الرحمن، نائب صدور ارشد قریشی، سردار شرین، شکیل عباسی اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ محمد شفیق قریشی نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر آٹا، فائن اور میدہ کی بڑھتی ہوئی قیمتیں کاروباری افراد کی قوت خرید کم ہوتی جا رہی ہے دوسری طرف سوئی گیس کی لوڈ شیڈنگ جس کی وجہ سے مہنگا ایل پی جی سلنڈر ان خریدنے پر مجبور ہیں جبکہ حکومت پنجاب کو شنوائی نہیں کر رہی ان حالات میں کاروبار کرنا انتہائی مشکل ہو چکا ہے ہم حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ قیمتوں کو فی الفور کنٹرول کیا جائے اگر حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ نے نانبائیوں کے پنجاب میں مسائل حل نہ کئے تو 10 دن کی ڈیڈ لائن کے بعد پنجاب کی تمام تنظیموں کی باہمی مشاورت کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل دینے پر مجبور ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پنجاب کی تمام ضلعی انتظامیہ پر ہوگی۔

بقیہ نمبر 32

2026 تک جاری رہنے والی خصوصی انسداد پولیو مہم کے انتظامات، مائیکرو پلان، ٹیموں کی تعیناتی، حساس علاقوں کی کوریج، سیکیورٹی، کولڈ چین، لاجسٹکس، سوشل موبلائزیشن اور مانیٹرنگ کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

بقیہ نمبر 33

دوران بجلی کے کرنٹ اور حادثات کے بڑھتے ہوئے خطرات سے بچاؤ کے لئے فوری و خصوصی اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ بارش کے دوران بجلی کے کرنٹ (الیکٹریفکیشن) اور اس سے جڑے حادثات کے خطرات میں نمایاں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ پانی بجلی کو اپنے اندر سے گزرنے کا راستہ فراہم کرتا ہے۔ یہ صورتحال یوٹیلیٹی پولز (بجلی کے کھمبوں)، ٹرانسفارمرز اور گھروں کی وائرنگ جیسی بنیادی تنصیبات کے آس پاس شدید خطرات کا باعث بنتی ہے۔ اس سلسلے میں آئیسکو تمام تر حفاظتی اقدامات فوری طور پر کرے تاکہ حالیہ مون سون کسی حادثے کا باعث نہ بنے۔

بقیہ نمبر 34

اسلام آباد میں کوئی ایسا علاقہ نہیں ہے جس کے مسائل سے ہم واقف نہیں انشاء اللہ ہم اقتدار میں آ کر عوام کی تقدیر بدل دیں گے۔ اقتدار میں نہ ہوتے ہوئے بھی ترقیاتی کاموں کا جال بچھا رکھا ہے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہم عوام کے مسائل کو حل کرنے کا عزم کیے ہوئے ہیں۔ انہوں نے یہ باتیں پنڈ بیگوال کی یونین کونسل 18 میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہیں اس تقریب کا انعقاد بتوں ہاؤس میں چوہدری ظفر، حاجی سید نواز، ذیشان خان، ملک ذوالفقار، ملک تیمور نے کیا تھا۔ چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی سے میجر ریٹائرڈ عزیز بھٹی شہید کے بھتیجے وقار بھٹی۔ ماڈل ٹاؤن ہمک سے چوہدری ندیم اور چوہدری قاسم نے بھی ملاقات کی۔ جبکہ پولیس فاؤنڈیشن میں میجر ریٹائرڈ احمد ندیم سنڈل۔ ملک حسن۔ محمد عمران۔ عبدالمنان۔ ایس پی ریٹائرڈ عابد۔ میڈم نبیلہ انعام۔ میڈم گلبہار اور دیگر علاقے کے مکینوں کی جانب سے چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا گیا۔ مختلف وفود اور اجتماع سے اپنے خطاب میں چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ہم تعلیم۔ صحت۔ روزگار اور ٹیکنیکل تعلیم پر توجہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل جن میں گلیوں کی پختگی۔ پانی کی فراہمی۔ سٹریٹ لائٹس۔ سکولوں کا قیام۔ دستکاری سکولوں سمیت ہنر کے تمام وسائل مہیا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں آپ کی آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے پروگرام ترتیب دے رہا ہوں اور میرا منشور صرف اور صرف آئندہ نسل کے مستقبل کو محفوظ کرنا ہے۔ جبکہ 78 سالوں سے اس ملک پر قابض حکمران آپ کی نسلوں کو نہ تعلیم دے سکے نہ روزگار اور نہ ہی صحت دے سکے ان تین شعبوں میں ہم انقلابی اقدامات کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 35

ظلم اور فساد کے نظام کے خلاف ڈٹ کر کھڑی ہے، ہماری جدوجہد زندگی کے آخری لمحہ تک جاری رہے گی، انقلاب ہجوم نہیں بلکہ ایک منظم طاقت ہی لا سکتی ہے، امیر العظیم امید اور یقین کا پیکر تھے، ان کی زندگی ہر کارکن جماعت اسلامی کے لیے خاصہ ہے۔
ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد منصورہ میں مرحوم و مغفور سابق سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان امیر العظیم کے لیے منعقدہ دعائیہ تقریب اور درس قرآن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔
دعا میں نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر اسامہ رضی، قائم مقام سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان نذیر احمد جنجوعہ، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی بیرسٹر سلمان اکرم راجہ، ڈپٹی سیکرٹری جماعت اسلامی پاکستان وقاص جعفری، اظہر اقبال حسن، رہنما جماعت اسلامی مولانا عبدالمالک، ڈاکٹر فرید پراچہ، حافظ ادریس، امیر لاہور ضیا الدین انصاری، ڈائریکٹر امور خارجہ آصف لقمان قاضی، سیکرٹری اطلاعات جماعت اسلامی پاکستان شکیل احمد ترابی، صدر الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان ڈاکٹر حفیظ الرحمن، صدر نیشنل لیبر فیڈریشن شمس الرحمن سواتی، ڈاکٹر فیاض احمد رانجھا، سابق ایم پی اے سید احسان اللہ وقاص، علامہ زبیر احمد ظہیر، اظہر بلال، سابق ایم این اے ملک کرامت کھوکھر، انجینئر یاسر گیلانی، سینئر صحافی سلمان عابد، سابق ایم پی اے چوہدری محمد شوکت، امیر العظیم کے بھائی نور العظیم، اشرف العظیم، اسد العظیم، مرحوم کے صاحبزادے منیب العظیم، شہیر العظیم، فصیح العظیم، وجیہ العظیم و دیگر طبقات فکر کے افراد کی بڑی تعداد شریک تھی۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ امیر العظیم جماعت اسلامی کے نظم میں اطاعت کی ایک درخشاں مثال تھے، انہوں نے نمایاں ہونے کے باوجود کبھی اپنے آپ کو نمایاں نہیں کیا، وہ لوگوں کی سرپرستی اور مدد کرتے تھے، طلبہ تحریک سے لے کر جماعت اسلامی میں اہم ترین ذمہ داریاں نبھانے کے باوجود وہ عجز و انکساری کی مثال تھے

بقیہ نمبر 36

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور صوبے کی ترقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت تیز کرنے کی ہدایت کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، امن و امان کی صورتحال کو بہتر کرنے، عوامی فلاح اور صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے تمام متعلقہ ادارے مربوط انداز میں کام کریں۔ ملاقات میں صوبائی وزیر آبپاشی صادق عمرانی، وزیر منصوبہ بندی و ترقی ظہور بلیدی، وزیر صحت میر بخت کاکڑ، وزیر لائیو سٹاک سردار فیصل جمالی، وزیر صنعت و تجارت کو یار ڈوکی، وزیر محنت غلام رسول عمرانی اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری شریک تھے۔

بقیہ نمبر 37

میں 10 نام صدر مملکت کو بھجوانے کی سفارش کی گئی ہے۔ وزیراعظم سے سفارش کی جائے گی کہ وہ صدر مملکت کو مذکورہ ناموں کی منظوری اور تقرری کا مشورہ دیں، نامزد افراد میں غلام سرور نہنگ، محمد اجمل خان زاہد اور امیر نجم ملک شامل ہیں۔ دیگر نامزد امیدواروں میں شیریں عمران، اسد علی باجوہ، محمد امجد پرویز، خالد بن عزیز، منور اقبال دوگل، سید فرہاد علی شاہ اور عثمان غنی راشد چیمہ شامل ہیں۔ نامزد ججز کو ایک سال کے لئے لاہور ہائیکورٹ کے ایڈیشنل ججز مقرر کیا جائے گا، صدر مملکت کی منظوری اور وزارت قانون کی جانب سے نوٹیفکیشن کے اجرا کے بعد نئے ججز اپنے عہدوں کا حلف اٹھائیں گے۔ حلف برداری کی تقریب 27 جولائی بروز پیر لاہور ہائیکورٹ کے ججز لان میں متوقع ہے، جہاں چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نئے تعینات ہونے والے ججز سے حلف لیں گی۔ نئے ججز کی تعیناتی کے بعد لاہور ہائیکورٹ میں ججز کی تعداد 50 ہو جائے گی، جبکہ خالی آسامیوں کی تعداد کم ہو کر 10 رہ جائے گی۔

بقیہ نمبر 38

کو فور اسٹار جنرل کے عہدے پر ترقی دینے اور انہیں کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ مقرر کرنے کا اعلان کر دیا ہے جب کہ عامر رضا کی فور اسٹار جنرل کے عہدے پر ترقی ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اعتراف ہے۔ وزیراعظم آفس کے مطابق وزیراعظم نے جنرل عامر رضا کو ترقی اور نئی ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم دفتر کے مطابق وزیراعظم نے لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا کو فور سٹار جنرل کے عہدے پر ترقی دے دی، لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا کو کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ مقرر کر دیا گیا، وہ چیف آف جنرل سٹاف کے طور پر ذمہ داریاں انجام دے رہے تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے جنرل عامر رضا، ہلال امتیاز ملٹری، ستارہ بسالت کو ان کی ترقی اور تقرری پر مبارکباد دی اور اس اہم ذمہ داری کی انجام دہی کیلئے جنرل عامر رضا کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، جنرل عامر رضا نے 1988 میں کمیشن پاس کیا، انہوں نے کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد سے گریجویشن کی، اس کے علاوہ وہ یونیورسٹی آف نوٹنگھم سے بین الاقوامی تعلقات کی ڈگری بھی حاصل کر چکے ہیں۔ جنرل عامر رضا کو جنوری 2025 میں چیف آف جنرل سٹاف جی ایچ کیو تعینات کیا گیا تھا، اس کے علاوہ وہ کور کمانڈر لاہور اور چیئرمین ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا کے طور پر فرائض انجام دے چکے ہیں۔ خیال رہے کہ پاکستان آرمی، ایئرفورس اور نیوی (ترمیمی) بل 2025 کی منظوری کے بعد کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کا عہدہ متعارف کرایا گیا، اسی قانون سازی کے تحت فیلڈ مارشل عاصم منیر کو چیف آف ڈیفنس فورسز مقرر کیا گیا۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی (سی جے سی ایس سی) کے عہدے کے خاتمے کے بعد تشکیل دیا گیا، جنرل شمشاد مرزا اس عہدے پر خدمات انجام دینے والے آخری افسر تھے، جن کے بعد یہ منصب ختم کر دیا گیا۔ ترمیم شدہ قانون کے مطابق وزیراعظم کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ پاک فوج کے حاضر سروس جنرلز میں سے کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ کا تقرر کریں، یہ تقرری چیف آف آرمی سٹاف کی سفارش پر تین سالہ مدت کے لیے کی جائے گی، جبکہ چیف آف آرمی سٹاف ہی چیف آف ڈیفنس فورسز کا منصب سنبھالیں گے

بقیہ نمبر 39

جون کو بجٹ کی منظوری دی تھی تاہم کابینہ ڈویژن نے 17 جولائی کی تاخیر سے تفصیلات جاری کیں۔ اسی اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف کی زیر قیادت کابینہ نے تمام سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں صرف 7 فیصد اضافے کی منظوری دی، بشمول یہ ممکنہ طور پر سو بیوروکریٹس جو دو خصوصی الاؤنسز سے لطف اندوز ہوں گے، اور کفایت شعاری کے اقدامات کو رواں مالی سال 2026-27 تک بڑھا دیا۔ اچھی طرح سے جڑے ہوئے بیوروکریٹس کی تنخواہوں اور مراعات میں اضافہ ہو رہا ہے لیکن پبلک سیکٹر کے باقی ملازمین کو مہنگائی کی وجہ سے معاوضہ نہیں دیا جا رہا۔ پہلے ریگولیٹر کو مضبوط کیے بغیر عوام کو درآمدی مہنگائی اور اب ایندھن کی قیمتوں میں روزانہ اتار چڑھاؤ کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔

بقیہ نمبر 40

گیا ہے کہ اس کی فورسز نے 'آپریشن نصر 2' کی 27ویں لہر میں، امریکی کمپنی ایمازون کے ڈیٹا سینٹر کے خلاف اپنے سابقہ آپریشن کو مکمل کرتے ہوئے مرکز کی بقیہ عمارت کو نشانہ بنایا اور تباہ کر دیا

بقیہ نمبر 41

نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ پاکستان کی بہادر مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور پوری قوم دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے متحد اور پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 42

چار فلسطینیوں کو شہید جبکہ چار دیگر کو شدید زخمی کر دیا۔ فلسطینی وزارت صحت کے مطابق، اسرائیلی حملے میں زخمی ہونے والے افراد میں سے تین کی حالت انتہائی تشویشناک ہے۔ مقامی ذرائع اور فتح پارٹی کے رہنما عصام سیفی نے بتایا کہ تقریباً 25 سے 30 مسلح یہودی آبادکاروں نے پہلے قصبے کے مشرقی حصے پر حملہ کیا اور دو مکانات میں زبردستی گھسنے کی کوشش کی۔

بقیہ نمبر 43

علی پرویز ملک سے بین الاقوامی توانائی کمپنیوں کے نمائندوں کی الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ انٹرنیشنل کمپنیوں کی جانب سے پاکستان کے توانائی اور اہم معدنیات کے شعبوں میں سرمایہ کاری پر اتفاق ہو گیا۔ اعلامیے کے مطابق ملاقاتوں میں پاکستان کے توانائی اور کریٹیکل منرلز کے شعبوں میں سرمایہ کاری پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ نمبر 44

کہا جاتا ہے۔ (دیکھیے تصاویر) اس گیند کا قطر 10 سے 20 میٹر تک ہوتا ہے۔ جیسے ہی بیٹ بال پانی کی سطح کے قریب آتا ہے، سمندری پرندے زندہ ٹارپیڈو کی طرح 100 کلومیٹر فی گھنٹہ تک کی رفتار سے فضا سے سیدھے پانی میں غوطہ لگاتے ہیں اور سارڈین مچھلیوں کو پکڑ لیتے ہیں۔ اس کے بعد سیکڑوں شارک، مثلاً برونز وہیلر شارک، بل شارک اور بلیک ٹپ شارک، نیچے سے تیزی سے حملہ کرتی ہیں اور بیٹ بال کے عین درمیان سے گزرنا شروع کر دیتی ہیں۔ آخر میں اکثر برائیڈ وہیل یا ہمپ بیک وہیل مچھلیاں نمودار ہوتی ہیں۔ وہ اپنا بہت بڑا منہ پوری طرح کھولتی ہیں اور ایک ہی لقمے میں باقی بچا ہوا پورا بیٹ بال نگل جاتی ہیں۔
غوطہ خوروں اور جنگلی حیات کی فلم بنانے والوں کے لیے سارڈین رن زندگی کے سب سے یادگار تجربات میں سے ایک ہے۔ کشتیوں کے ذریعے اس منظر کو دیکھنے کے لیے بہترین علاقے جنوبی افریقہ کی وائلڈ کوسٹ ہیں، خصوصاً پورٹ سینٹ جانز (Johns.Port St)، مدومبی (Mdumbi) اور واٹر فال بلف (Waterfall Bluff) جیسے علاقے بہترین نظارہ پیش کرتے ہیں۔ کشتیاں اکثر انتہائی ہلکے طیاروں (Ultralight Aircraft) کی مدد لیتی ہیں یا افق پر ہزاروں سمندری پرندوں کے غول کو تلاش کرتی ہیں۔ جہاں پرندے بڑی تعداد میں سمندر میں غوطے لگا رہے ہوتے ہیں وہی جگہ ہوتی ہے جہاں سارڈین مچھلیوں کا غول موجود ہوتا ہے۔ قدرت کے اس عظیم نظارے کو اگر آپ دیکھنا چاہتے ہیں تو آپ کو غوطہ خوروں کے لباس میں سمندر کے اندر چھلانگ لگانی ہوگی تاکہ آپ قدرت کے اس عظیم نظارے سے لطف اندوز ہو سکیں۔

بقیہ نمبر 45

کے حقیقی حل پر مبنی ہے۔ ہماری ترجیح مضبوط بلدیاتی نظام شفاف طرز حکمرانی میرٹ انصاف تعلیم صحت روزگار اور بااختیار نوجوان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک اختیارات نچلی سطح تک منتقل نہیں ہوں گے عوام کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ بلدیاتی اداروں کو مضبوط اور بااختیار بنانا وقت کی سب سے اہم ضرورت ہے تاکہ فیصلے عوام کے قریب ہوں اور ترقی کے ثمرات ہر شہری تک پہنچ سکیں۔
انہوں نے کہا کہ رائزنگ پاکستان ایسے افراد کو قومی سطح پر متعارف کرانا چاہتی ہے جو اپنی اہلیت کارکردگی اور کردار کی بنیاد پر ملک و قوم کی خدمت کر سکیں۔ ہمارا مقصد صرف انتخابات میں حصہ لینا نہیں بلکہ ایک ایسی سوچ کو فروغ دینا ہے جس میں قومی مفاد ذاتی مفاد پر مقدم ہو اور ہر ذمہ داری اہل لوگوں کے سپرد کی جائے۔
ایک سوال کے جواب میں رخشندہ تسنیم نے کہا کہ رائزنگ پاکستان ریاستی اداروں کے ساتھ تعاون اور ملکی استحکام پر یقین رکھتی ہے۔ ہمارا مقصد تصادم نہیں بلکہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے مثبت کردار ادا کرنا ہے۔ اگر ملک کے تمام ادارے اور عوام ایک سمت میں کام کریں تو پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا کیا جا سکتا ہے۔
آزاد جموں و کشمیر کی موجودہ صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوامی ایکشن کمیٹی کے معاملے کو افہام و تفہیم اور مذاکرات کے ذریعے بہتر انداز میں حل کیا جا سکتا تھا۔ ان کے مطابق کشیدگی کسی بھی مسئلے کا مستقل حل نہیں ہوتی بلکہ عوام کے تحفظات سن کر باہمی اعتماد کے ساتھ آگے بڑھنا زیادہ مؤثر راستہ ہے۔
رخشندہ تسنیم نے کہا کہ رائزنگ پاکستان جلد اپنی تنظیم کو مزید وسعت دے کر باقاعدہ سیاسی سفر کا آغاز کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا عزم ایک ایسا پاکستان ہے جہاں میرٹ انصاف دیانت داری اور عوامی خدمت سیاست کی بنیاد ہوں اور نئی نسل کو ملک کی تعمیر و ترقی میں حقیقی کردار ادا کرنے کا موقع ملے

بقیہ نمبر 46

کے مطابق نیب سے متعلق تمام مقدمات اب وفاقی آئینی عدالت سنے گی، نیب قانون کی شق 32 اور 32 اے کے تحت سپریم کورٹ کو اختیار سماعت ہی نہیں ہے۔ فیصلے میں قرار دیا گیا کہ نیب کے کیسز آرٹیکل 175 اے اور الیف کے تحت تمام کیسز وفاقی آئینی عدالت کو ٹرانسفر تصور سمجھے جائیں گے۔ جسٹس محمد علی مظہر کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے 16 جولائی کو کیس کا فیصلہ محفوظ کیا تھا۔

بقیہ نمبر 47

مارکیٹ میں استحکام برقرار رکھا جائے گا۔ پاسکو کے پاس موجود گندم سے صوبوں کی ضروریات بھی پوری کی جائیں گی تاکہ ملک بھر میں گندم کی مسلسل فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو سستی اور معیاری گندم کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 48

مختلف ڈویژنز میں پولنگ الگ الگ تاریخوں پر ہوگی۔ نظر ثانی شدہ شیڈول کے مطابق:- پہلا مرحلہ: 27 جولائی 2026 کو میرپور ڈویژن میں پولنگ ہوگی، جس میں ضلع میرپور، ضلع کوٹلی اور ضلع بھمبر شامل ہیں۔- دوسرا مرحلہ: 2 اگست 2026 کو مظفرآباد ڈویژن میں انتخابات ہوں گے، جن میں ضلع مظفرآباد، ضلع جہلم ویلی اور ضلع نیلم شامل ہیں۔ اسی روز پاکستان میں مقیم مہاجرین جموں و کشمیر کی مخصوص نشستوں پر بھی پولنگ ہوگی۔- تیسرا مرحلہ: 10 اگست 2026 کو پونچھ ڈویژن میں ووٹنگ ہوگی، جس میں ضلع پونچھ، ضلع باغ، ضلع حویلی اور ضلع سدھنوتی شامل ہیں۔ اس طرح:- ضلع مظفرآباد: 2 اگست 2026- ضلع باغ: 10 اگست 2026- ضلع میرپور: 27 جولائی 2026- ضلع پونچھ: 10 اگست 2026- ضلع کوٹلی: 27 جولائی 2026 چیف الیکشن کمشنر غلام مصطفیٰ مغل کے مطابق انتخابات کو مرحلہ وار کرانے کا فیصلہ سیکیورٹی اور پرامن انتخابی عمل کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا ہے، جبکہ پولنگ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہے گی۔

بقیہ نمبر 49

لا پا، آج قراردادوں سے انحراف کر رہا ہے، مقبوضہ کشمیر میں جبر اور انسانی حقوق کی پامالیاں جاری ہیں۔ قونصلر صائمہ سلیم نے کہا کہ بھارت کا امن کا درس دینا مضحکہ خیز ہے، جموں و کشمیر نہ بھارت کا اٹوٹ انگ ہے اور نہ داخلی معاملہ، بھارت کا انکار اس تنازع کی بین الاقوامی حیثیت تبدیل نہیں کر سکتا۔ صائمہ سلیم نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی کا بھارتی فیصلہ بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے، دریائے سندھ کا پانی زندگی کا ذریعہ ہے، جنگ کا ہتھیار نہیں۔ پاکستانی قونصلر نے کہا کہ بھارت سے منسلک دہشت گردی کے نیٹ ورک عالمی سطح تک پھیل چکے ہیں، بھارت میں ہندوتوا نظریات نے اسلاموفوبیا کو ریاستی پالیسی بنا دیا ہے۔

بقیہ نمبر 50

رہی۔ اس معاملے سے واقف ایرانی اور عراقی حکام کا حوالہ دیتے ہوئے، اخبار نے کہا کہ الزیدی نے حال ہی میں وائٹ ہاؤس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کے بعد تہران کے دورے کے دوران یہ تجویز پیش کی۔

بقیہ نمبر 51

دیا کہ پارٹی نے ہمیشہ نعروں کے بجائے عملی کارکردگی سے کام کر کے دکھایا ہے اور آئندہ بھی عوامی خدمت کا یہی سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر کے عوام باشعور ہیں اور وہ اپنے روشن مستقبل کے لئے درست فیصلے کریں گے، جبکہ مسلم لیگ ن کو ووٹ دے کر ترقی کے سفر کو آگے بڑھائیں گے۔ انہوں نے مسلم لیگ ن کی کامیابی سے خطے میں ترقی کے ایک نئے دور کے آغاز کی امید دلاتے ہوئے آزاد کشمیر کی عوام سے اپیل کی کہ ترقی اور خوشحالی کیلئے ن لیگ کو کامیاب بنائیں۔

بقیہ نمبر 52

کی بچت کرنا ممکن ہے۔ سینیٹر ضمیر حسین کی زیر صدارت سینیٹ کی فنکشنل کمیٹی برائے ڈیولوشن کا اجلاس منعقد ہوا جس میں اٹھارہویں آئینی ترمیم کے بعد اختیارات کی منتقلی اور اس پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران وفاقی حکومت کی تنظیم نو، وزارتوں کی تعداد کم کرنے اور آئینی تقاضوں کے مطابق وفاقی حکومت کے دائرہ کار کو محدود رکھنے سے متعلق مختلف تجاویز پر بھی تفصیلی بحث کی گئی۔

بقیہ نمبر 53

محکمہ موسمیات کے مطابق خلیج بنگال اور بحیرہ عرب سے مرطوب ہوائیں ملک میں داخل ہوں گی، کراچی میں 25 اور 26 جولائی کو تیز ہواں، گرج چمک کے ساتھ بارش کے امکانات ہیں۔

بقیہ نمبر 54

میں شرکت کرتے ہوئے تنظیم کے قیام کی 25ویں سالگرہ پر رکن ممالک کو مبارکباد دی اور علاقائی امن، سلامتی، خوشحالی اور پائیدار ترقی کے فروغ میں ایس سی او کے کردار کو سراہا۔ اپنے خطاب میں اسحاق ڈار نے کرغزستان کی قیادت اور وزیر خارجہ ژین بیک کولوبائیف کا اجلاس کی بہترین میزبانی اور شاندار انتظامات پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان "شنگھائی اسپرٹ" کے اصولوں پر مکمل یقین رکھتا ہے اور ایس سی او کے پلیٹ فارم کے ذریعے باہمی تعاون، علاقائی روابط اور مشترکہ ترقی کو مزید فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 55

متعدد زخمی ہوگئے، روس نے یوکرین کے دو دیہاتوں پر قبضے کا دعویٰ بھی کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یوکرینی صدر وولوڈیمیر زیلنسکی نے کہا کہ یوکرین کے شہر سلوویانسک پر روسی فضائی حملے میں 6 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے ہیں، مقامی حکام نے کہا ہے کہ کیف اور چرنیہیو میں بھی میزائل اور ڈرون حملوں میں بڑے پیمانے پر بجلی متاثر ہوئی ہے روسی مقامی گورنر نے کہا ہے کہ یوکرین نے روس کے کیرووف ریجن میں فوجی کارخانے اور تیل کے ذخیرے پر بھی حملے کیے گئے ہیں کیروف پر یوکرینی میزائل حملے میں 6 افراد ہلاک اور 26 زخمی ہوئے ہیں روسی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ روس نے خارکیف کے دو دیہاتوں پر قبضہ کر لیا ہے۔

بقیہ نمبر 56

فی لیٹر نئی قیمت 335 روپے 18 پیسے کی سطح پر پہنچ گئی ہے۔ Birds اسی طرح ہائی اسپیڈ ڈیزل بھی مزید 4 روپے 80 پیسے مہنگا ہو گیا ہے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی فی لیٹر نئی قیمت 383 روپے 46 پیسے مقرر کی گئی ہے۔ خیال رہے کہ حکومت کی جانب سے گزشتہ روز بھی پیٹرول اور ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں بالترتیب 4 روپے 40 پیسے اور 3 روپے 62 پیسے اضافہ کر دیا گیا تھا، جس کے بعد پیٹرول کی قیمت 378 روپے 66 پیسے اور ڈیزل کی قیمت 378 روپے 66 پیسے کی سطح پر پہنچ گئی تھی

بقیہ نمبر 57

کی تاہم سیکیورٹی فورسز کے مستعد اور فوری ردعمل نے ان کے مذموم عزائم کو ناکام بنا دیا، سیکیورٹی اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے فرار ہونے والے خوارج کو نشانہ بنایا اور بارہ خوارج کو ہلاک کر دیئے۔ اسی دوران حملہ آوروں نے بارود سے بھری گاڑی چیک پوسٹ کی بیرونی دیوار سے ٹکرا دی، دھماکے کی شدت سے چیک پوسٹ کے بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا، جس کے نتیجے میں وطن کے پندرہ بہادر سپوت شہید ہو گئے جن میں فوج کے بارہ جوان، دو پولیس اہلکار اور محکمہ جنگلات کا ایک سرکاری عہدیدار شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ علاقے میں موجود کسی بھی ممکنہ خارجی کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کی لعنت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پرعزم ہیں، بہادر جوانوں کی یہ قربانیاں ہمارے غیر متزلزل عزم کو مزید تقویت دیتی ہیں

بقیہ نمبر 58

متوقع ہے۔ حکومتی نمائندے ملکی معاشی استحکام اور اصلاحاتی اقدامات کو اپنی ترجیح قرار دے رہے ہیں، جبکہ اپوزیشن حکومت کی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے عوامی مسائل کو بھرپور انداز میں اجاگر کرنے کی کوشش کر رہی ہے ادھر وفاقی دارالحکومت میں سیکیورٹی ادارے بھی سیاسی سرگرمیوں کے پیش نظر صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں تاکہ امن و امان برقرار رکھا جا سکے۔ حالیہ دنوں میں آزاد کشمیر کے سیاسی حالات اور دیگر قومی معاملات بھی اسلام آباد کی سیاسی گفتگو کا اہم حصہ بنے ہوئے ہیں

صدر نیشنل پریس کلب عبدالرزاق سیال، نواز رضا، راؤ فرقان و دیگر سینئر صحافی حامد میر کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

صدر این پی سی کا صحافیوں کے اتحاد اور ویلفیئر فنڈ کے قیام کا اعلان

سینئر صحافی حامد میر نے بھی ذاتی ویلفیئر فنڈ کو اینڈومنٹ فنڈ میں منتقل کرنیکا اعلان کر دیا

صحافی برادری اتفاق و اتحاد سے ہی تمام مسائل حل کر سکتی ہے، عبدالرزاق سیال

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے صدر عبدالرزاق سیال کا صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے ویلفیئر فنڈ کے قیام کا اعلان، سینئر صحافی حامد میر کا اپنے قائم کردہ فنڈز کی رقم این پی سی فنڈ میں منتقل کرنے کا اعلان، تفصیلات کے مطابق این پی سی کے صدر عبدالرزاق سیال نے این پی سی میں منعقدہ ایک تقریب میں خطاب کرتے ہوئے میڈیا انڈسٹری میں شدید بحران کے باعث بڑی تعداد میں بیروزگار ہونے والے صحافیوں کی مالی معاونت کیلئے اینڈومنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

ایم سی راولپنڈی، مختلف ٹھیکوں کی نیلامی کا شیڈول جاری

خواہشمند افراد کو مقررہ شرائط کے مطابق

10 فیصد زرِ ضمانت جمع کرانا ہوگی

راولپنڈی (سردار وقار احمد): میونسپل کارپوریشن راولپنڈی نے مالی سال 2026-2027 کے لیے مختلف پارکنگ اسٹینڈز، مارکیٹس، مویشی منڈی، آٹو رکشہ و موٹر سائیکل اسٹینڈز اور دیگر میونسپل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے اراکین کا گروپ فوٹو

اسلام آباد کے دیہی علاقوں میں قائم کلینکس مریضوں کی زندگیوں سے کھیلنے لگے

برما، پنڈوریاں سمیت ملحقہ علاقوں میں معیاری ادویات کے نام پر سستی اور غیر معیاری دوائیں فروخت کیے جانے کا انکشاف

متعدد فارمیسیوں پر رجسٹرڈ فارماسسٹ صرف کاغذوں تک محدود، ڈرگ انسپکٹرز کی نگرانی نہ ہونے کے برابر

اسلام آباد (شہرنامہ رپورٹ) اسلام آباد کے دیہی علاقوں خصوصاً پنڈوریاں برما ٹاؤن اور گردونواح میں قائم بعض نجی کلینکس اور میڈیکل اسٹورز میں مبینہ طور پر مریضوں کو معیاری ادویات کے نام پر سستی مقامی اور غیر معیاری دوائیں فروخت کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ اس عمل سے نہ صرف مریضوں کی صحت داؤ پر لگ رہی ہے بلکہ انسانی جانوں کے ساتھ بھی خطرناک کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق بعض کلینکس میں ڈاکٹر اپنے نسخوں پر معروف اور رجسٹرڈ کمپنیوں کی ادویات تحریر کرتے ہیں لیکن جب مریض کلینک سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی پاسپورٹ آفس ایجنٹ مافیا کیخلاف، 3 ملزمان گرفتار

نیٹ ورک سے وابستہ دیگر افراد کی گرفتاری کے لیے بھی چھاپے جاری

غیر قانونی ایجنٹ مافیا کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، ایف آئی اے حکام

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) راولپنڈی میں وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے پاسپورٹ آفس کے باہر سرگرم مبینہ ایجنٹ مافیا کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق گرفتار افراد شہریوں سے پاسپورٹ بنوانے کے نام پر غیر قانونی رقوم وصول کر رہے تھے۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

اپنی چھت محفوظ چھت پروگرام، 5 اور 10 لاکھ روپے تک بلاسود قرض دینگے، پنجاب حکومت

پنجاب حکومت کے اپنی چھت محفوظ چھت 2026 پروگرام کے تحت 5 اور 10 لاکھ روپے کے بلاسود قرض فراہم کیے جا رہے ہیں

جو کمپیوٹر استعمال نہیں کر سکتے وہ درخواستیں ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور پنجاب ہاسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی کے دفاتر میں جمع کرائیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) پنجاب حکومت کے اپنی چھت محفوظ چھت 2026 پروگرام کے تحت 5 اور 10 لاکھ روپے کے بلاسود قرض فراہم کیے جا رہے ہیں۔ پنجاب حکومت نے لوگوں کو اپنے موجودہ گھر کی مرمت اور توسیع لئے اپنی چھت، محفوظ چھت (میری چھت، محفوظ چھت) اسکیم 2026 کا آغاز کیا ہے جس کے تحت 5 سے 10 لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضے فراہم کیے جائیں گے۔ اس حکومتی منصوبے کے تحت یہ قرض دو مختلف کیٹگریز میں دیئے جائیں گے۔ وہ شہری جو اپنی موجودہ چھتوں کی مرمت یا گھر کے انفرااسٹرکچر کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6 2)

علاقائی اور قومی اخبارات کی اہمیت کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، رئیسہ عادل

جدید ابلاغی سہولیات سے محروم علاقوں میں علاقائی اخبارات ہی خبر کا ذریعہ

نوتعینات پرنسپل انفارمیشن آفیسر کی ربجا وفد سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ۔ شہرنامہ) نوتعینات پرنسپل انفارمیشن آفیسر رئیسہ عادل نے کہا ہے کہ الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا کی اپنی اہمیت اور مقام ہے، تاہم انٹرنیٹ اور کیبل کی سہولت سے محروم علاقوں میں علاقائی اخبارات ہی خبر اور معلومات کی فراہمی کا واحد ذریعہ ہیں۔ وفاقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ایف بی آر کا سسٹم کی معمول کی مینٹیننس کا اعلان

اسلام آباد (پ ر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو تمام ٹیکس دہندگان اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو مطلع کرتا ہے کہ سسٹم کی معمول کی مینٹیننس ہفتہ، 8 اگست 2026ء کی رات 30:12 بجے سے پیر، 10 اگست 2026ء کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

الپائن کلب کی کوہ پیماہ علی حیدر کے اعزاز میں تقریب

پاکستان میں کسی بھی قسم کی ہر شعبے میں قابلیت اور اہلیت کی کمی نہیں

علی حیدر کا 6040 میٹر بلند چوٹی کو سر کرنا پاکستان کیلئے اعزاز، عرفان ارشد

اسلام اباد (نمائندہ خصوصی) علی حیدر کوہ پیما نے اس بات کو ثابت کر دیا ہے دنیا میں کوئی چیز ناممکن نہیں 6040 میٹر بلند خسر گنگ پیک سر بلند کرنا پاکستان کے لیے فخر کی بات ہے الپائن کلب اف پاکستان کے صدر میجر جنرل (ر) عرفان ارشد اور گلگت بلتستان اسمبلی کے ممبر محمد کاظم کا نوجوان کوہ پیماہ علی حیدر کے اعزاز میں الپائن کلب اف پاکستان کی جانب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

2 اگست مسلم لیگ (ن) کی تاریخی فتح کا دن ہوگا، عمران الیاس

امیدوار عوامی توقعات پر پورا اتریں گے، رکن اسمبلی کی صحافیوں سے گفتگو

اڈیالہ (نامہ نگار) 2 اگست 2026 کو ان شاء اللہ، ہر طرف شیر ہی شیر ہوگا، آزاد جموں و کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کی تاریخی فتح کا دن ہوگا۔ مسلم لیگ ن کی حکومت کے امیدوار عوامی توقعات پر پورا اتریں گے۔ ہماری جماعت کے امیدوار عوام کی حقیقی خدمت پر یقین رکھتے ہیں کشمیر میں مسلم لیگ ن کے امیدواروں کی کامیابی کیلئے دعا گو اور پرعزم ہیں ان خیالات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8 2)

مریم نواز کا 10 الیکٹرو بسز کا تحفہ آزاد کشمیر روانہ

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے جدید ترین 10 الیکٹرو بسوں کا تحفہ آزاد کشمیر روانہ کر دیا۔ اسلام آباد سے جدید ترین الیکٹرو بسوں کا دستہ آزاد کشمیر کے لئے روانہ ہوگیا، الیکٹرو بسوں پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

چوہدری پرویز اقبال لوسر کے اعزاز میں پروقار عشائیہ

قومی یکجہتی کا شاندار مظاہرہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین ای یو پاک فرینڈشپ فیڈریشن یورپ چوہدری پرویز اقبال لوسر کے اعزاز میں ایک عشائیے کا انعقاد کیا گیا، جس کی میزبانی سرفراز فرانسس وکی، صدر رومن کیتھولک کرسچن کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

کراچی، ایک ریڑھی فروش فروخت کیلئے مختلف انواع کے گڈے، گڑیاں سجا رہا ہے

راولپنڈی، ضلع بھر میں مساجد اور گردونواح میں خصوصی صفائی آپریشن

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کے مطابق ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی وسی ای او (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

آزاد جموں کشمیر کے انتخابات کا نیا شیڈول جاری

فیصلہ سیکیورٹی اور پرامن انتخابی عمل کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا

مہاجرین نشستوں پر پولنگ مظفرآباد ڈویژن کیساتھ 2 اگست کو ہوگی

میرپور (ذاکر کیانی نے) آزاد جموں وکشمیر انتخابات تین مراحل میں، مختلف ڈویژنز کے لیے نئی پولنگ تاریخیں جاری مظفرآباد: آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن نے امن و امان کی صورتحال کے پیشِ نظر قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات کا نظرِثانی شدہ شیڈول جاری کر دیا ہے، جس کے تحت اب انتخابات ایک ہی روز کے بجائے تین مراحل میں منعقد ہوں گے۔ اس فیصلے کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

امریکی حملوں میں 55 افراد شہید، 645 زخمی ہوگئے، ایرانی وزارتِ صحت

تہران (صباح نیوز) ایران کی وزارتِ صحت کے ترجمان نے تصدیق کی ہے کہ ملک بھر میں حالیہ امریکی فوجی حملوں کے نتیجے میں شہید ہونے والے افراد کی تعداد 55 ہوگئی ہے، جبکہ زخمیوں کی کل تعداد 645 تک پہنچ گئی ہے۔ ایرانی میڈیا کو جاری کردہ ایک بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

مصنوعی ذہانت جدید دور کا ایک لازمی جزو بن چکی، پروفیسر قمر الزمان

جامعات کی ذمہ داری طلبہ کو جدید ٹیکنالوجیز استعمال کیلئے تیار کریں، خطاب

راولپنڈی (پ ر) پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کے یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی کے زیر اہتمام 13 سے 24 جولائی 2026 تک اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے "مصنوعی ذہانت" کے حوالے سے خصوصی تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد اساتذہ کو جدید مصنوعی ذہانت (AI) کے ٹولز سے روشناس کرانا، ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

راناثنا ماڈل ٹاؤن کے خون کا حساب دیں، سعدیہ جاوید

کراچی (آئی این پی) ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید نے کہا ہے کہ راناثنا پی پی قیادت پر انگلی اٹھانے سے پہلے ماڈل ٹاؤن کے خون کا حساب دیں، کرپشن، منی لانڈرنگ کے موجد کس منہ سے اخلاقیات، امانت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

کاروبار مشکل، حکومت کو 10 دن کی مہلت، صدر نان بائی ایسوسی ایشن

تمام تنظیموں کی باہمی مشاورت کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل دینے پر مجبور ہوں گے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان نانبائی ایسوسی ایشن کے صدر محمد شفیق قریشی نے کہا ہے کہ آل پنجاب نانبائی ایسوسی ایشن لاہور نے جو اعلان کیا ہے کہ اور حکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

مہنگائی پر قابو پانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں، ساجد عباسی

روزانہ کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی شدید مذمت

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے سینئر نائب صدر راجہ ساجد محمود عباسی نے حکومت کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے عوام دشمن اور ظالمانہ اقدام قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ مہنگائی کے ستائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد، پارک روڈ پر انڈر پاس کی تعمیر کا کام جاری ہے

راولپنڈی، وائس چانسلر بارانی یونیورسٹی ڈاکٹر قمر الزمان کے ہمراہ تربیتی پروگرام کے شرکاء کا گروپ فوٹو

راولپنڈی، 10 تا 13 اگست تک انسداد پولیو مہم انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت

مہم کے دوران 9 لاکھ 89 ہزار 924 سے زائد پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر

پولیو جیسے موذی مرض کا مکمل خاتمہ قومی ذمہ داری، مقصد کے حصول کیلئے غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، ندیم ناصر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ انسداد پولیو کمیٹی کا اہم اجلاس ڈی سی کمپلیکس کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت، عالمی ادارہ صحت (WHO) کی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر شائلہ، پولیو پروگرام کے نمائندوں اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 10 تا 13 اگست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

مشیر صحت، ڈاکٹر اظہر کیانی کا ڈی ایچ کیو ہسپتال جہلم کا دورہ

سٹروک سینٹر میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا

بروقت اور معیاری علاج کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح، گفتگو

جہلم (حاجی مخدوم حسین چوہدری سے) وزیراعلی پنجاب کے مشیر برائے صحت، میجر جنرل (ر) ڈاکٹر اظہر محمود کیانی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال جہلم کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جدید سہولیات سے آراستہ سٹروک سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر مشیر صحت پنجاب نے سٹروک سینٹر میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور متعلقہ ڈاکٹرز و طبی عملے سے بریفنگ حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ بروقت اور معیاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی میں 1 ہزار لیٹر مضر دودھ تلف، 14 گاڑیوں کو 3 لاکھ جرمانہ

ملاوٹ مافیا کیخلاف بلاامتیاز کارروائیاں، انسانی صحت سے کھیلنے والوں کیساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، اتھارٹی حکام

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پنجاب فوڈ اتھارٹی راولپنڈی نے ملاوٹ مافیا کے خلاف علی الصبح بڑی کارروائی کرتے ہوئے ایک ہزار لیٹر پانی ملا ملاوٹی دودھ موقع پر تلف کر دیا جبکہ ناقص دودھ سپلائی کرنے والی 14 دودھ بردار گاڑیوں پر مجموعی طور پر 2 لاکھ 87 ہزار روپے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

لاڑکانہ، ایک شخص کنال سے مچھلیاں پکڑنے کیلئے جال ڈال رہا ہے

ہاشم اسلم خان میموریل ڈویژنل فٹ بال ٹورنامنٹ میں مزید دو میچوں کا فیصلہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ہاشم اسلم خان میموریل ڈویژنل فٹ بال ٹورنامنٹ میں مزید دو میچوں کا فیصلہ ہوگیا گیدڑ پور گراؤنڈ میں الفتح فٹبال کلب مانسہرہ نے زمیندار فٹبال کلب اوگی کو 3 کے مقابلے 5 گولوں سے ہرا دیا جبکہ یونائیٹڈ کلب مانسہرہ نے ملوگہ کلب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اقتدار میں آ کر عوام کی تقدیر بدل دیں گے، خاقان خواجہ

اسلام آباد میں کوئی ایسا علاقہ نہیں جس کے مسائل سے ہم واقف نہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

آئیسکو بارش کے دوران خطرات سے بچاؤ کے اقدامات کرے، سلمان غنی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے بارشوں کے دوران بجلی کے مسائل کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلی پنجاب کی خصوصی ہدایت پر آئیسکو بارش کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے، راجہ جواد

بجلی، گیس اور ضروری اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں نمایاں کمی کی جائے

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پاکستان لا الہ الا اللہ کے نعرے پر حاصل کیا گیا۔ لیکن روز اول سے اللہ سے کیے گئے وعدے کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار امیر جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی راجہ محمد جواد نے قاضی اوشین مال گوجرخان اور جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی گوجرخان راجہ محمد عمیر نے مسجد راجہ کرم خان میں اجتماع جمعہ کے دوران ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے، بجلی، گیس اور اشیائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

چوہدری عظیم بخش عوام کے دل جیت چکے ہیں: چوہدری مہربان

27 جولائی مسلم لیگ (ن) کی فتح کا دن ثابت ہوگا، کونسلر مہران مہربان

اسلام گڑھ (تحصیل رپورٹر): حلقہ ایل اے ٹو چکسواری، اسلام گڑھ میں سیاسی سرگرمیاں عروج پر پہنچ چکی ہیں۔ مختلف علاقوں میں انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے، جبکہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نامزد امیدوار چوہدری عظیم بخش کی حمایت میں عوامی اجتماعات اور کارنر میٹنگز کا سلسلہ بھی تیزی سے جاری ہے۔ اسی تناظر میں اندراں کلاں کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت ٹھیکیدار چوہدری مہربان اور کونسلر مہران مہربان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ 27 جولائی کا دن مسلم لیگ (ن) کی تاریخی کامیابی کا دن ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ ایل اے ٹو میں چوہدری عظیم بخش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

جرمنی کا بحیرہ احمر تعینات 2 جنگی بحری جہاز واپس بلانے کا فیصلہ

میونخ (صباح نیوز) جرمنی نے بحیرہ احمر میں تعینات اپنے دو جنگی بحری جہاز واپس بلانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ جرمن وزارتِ دفاع کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان حالیہ سفارتی پیش رفت کے بعد آبنائے ہرمز میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

چوہدری پرویز اقبال کے اعزاز میں استقبالیہ کے موقع پر یوسف کھوکھر، اعجاز جہانگیر و دیگر کا گروپ فوٹو

پرواز کارڈ اسکیم، اوورسیز پروموٹرز کیساتھ مشاورتی اجلاس

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پی ایس ڈی ایف کی جانب سے اسلام آباد میں پرواز کارڈ اسکیم کے تحت بیرون ملک روزگار کے مواقع بڑھانے کے حوالے سے تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پاکستانی پاسپورٹ کی عالمی درجہ بندی میں بہتری، 101 واں نمبر

بھارت 81 ویں نمبر پر، سنگاپور مسلسل پہلے نمبر پر برقرار، افغانستان آخری نمبر پر موجود

اسلام آباد (آئی این پی) ہینلے پاسپورٹ انڈیکس 2026 کے مطابق پاکستان کا پاسپورٹ عالمی درجہ بندی میں دو درجے بہتری کے بعد 103 سے 101 نمبر پر آ گیا۔ پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والے افراد اب 29 ممالک یا خطوں میں بغیر پیشگی ویزا کے سفر کر سکتے ہیں۔ یہ درجہ بندی عالمی شہریت اور رہائش سے متعلق مشاورتی ادارے ہینلے اینڈ پارٹنرز کی جانب سے جاری کی گئی ہے، جس میں دنیا کے 199 پاسپورٹس اور 227 سفری مقامات کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ ہینلے پاسپورٹ انڈیکس میں پاسپورٹ کی طاقت کا اندازہ اس بنیاد پر لگایا جاتا ہے کہ اس کے حامل افراد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

چوہدری اخلاق قبیلے اور ساتھیوں سمیت پیپلز پارٹی میں شامل

میری پوری زندگی آپ کے حقوق، عزت اور خدمت کیلئے وقف ہے، قاسم مجید

میرپور اسلام گڑھ (نمائندہ شہرنامہ) وارڈ پتنی کھنگال کی سیاسی فضا اُس وقت یکسر تبدیل ہوگئی جب سابق امیدوار برائے لوکل کونسل وارڈ پتنی کھنگال چوہدری اخلاق اپنے خاندان، قبیلے، دوست احباب اور متعدد ساتھیوں سمیت پاکستان تحریک انصاف کو خیرباد کہہ کر پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار اور سابق وزیر خزانہ چوہدری قاسم مجید کے قافلے میں شامل ہوگئے۔ اس موقع پر ایک پروقار اور پرجوش تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقے کے معززین، سیاسی و سماجی شخصیات، کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سابق وزیر یار رند کی سفری پابندی کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سابق وفاقی وزیر سردار یار محمد رند کی سفری پابندی کے خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

وفاقی آئینی عدالت نے کمسن بچی کے نکاح کو درست قرار دیا

قانون میں کم عمری کی شادی کیخلاف سزا کا ذکر، نکاح منسوخی کا نہیں، ریمارکس

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام قبول کر کے شادی کرنے والی ماریہ شہباز کی نظرثانی درخواست پر جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیئے قانون میں کم عمری کی شادی کے خلاف سزا کا ذکر ہے نکاح منسوخی کا نہیں، بچی نے ڈسٹرکٹ کورٹ سے آئینی عدالت تک کہیں نہیں کہا کہ اس کیساتھ زبردستی ہوئی۔ وفاقی آئینی عدالت میں اسلام قبول کر کے شادی کرنے والی ماریہ شہباز کی نظرثانی درخواست پر سماعت ہوئی، نظرثانی درخواست پر اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کو نوٹس جاری کر دیئے گئے، عدالت نے کمسن بچی کے نکاح کو درست قرار دیا۔ وکیل درخواست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پیپلز پارٹی کارکنان کا پارٹی صدر اور پرچم سے اظہار یکجہتی

مریم نواز کے قافلے گزرتے وقت دکان سے پارٹی پرچم اتارا گیا

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنان کی طرف اپنے پارٹی صدر اور پارٹی پرچم سے پھگواڑی بازار میں اظہار یکجہتی پھگواڑی بازار سے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے قافلے گزر رہے تھے اس دوران پھگواڑی بازار سے صدر یوسی پھگواڑی عثمان عباسی کی دکان سے پاکستان پیپلز پارٹی کا آویزاں کیا گیا پرچم اتار کر زمین پر پھینکا گیا جس پر پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں نے شدید احتجاج کیا اور تمام ضلعی اور مرکزی قیادت متحرک ہوئی بعد ازاں انتظامیہ نے اس عمل کو غیر جمہوری عمل کہتے ہوئے پی پی پرچم اتارنے پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

صدر مملکت آصف زرداری کی 71 ویں سالگرہ کل منائی جائیگی

فیصل آباد (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری کی 71 ویں سالگرہ 26 جولائی کو منائی جائے گی، اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں پاکستان پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام تقریبات منعقد کی جائیں گی جن میں سالگرہ کے کیک کاٹے جائیں گے اور آصف علی زرداری کیلئے صحت و تندرستی اور درازی عمر کی دعائیں مانگی جائیں گی، آصف علی زرداری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

شہرنامہ اسلام آباد
SHEHAR NAMA Islamabad

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل اِنک ۔ ڈیرپا رزلٹس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، سائن بورڈ، ٹائی، فائل، بل بکس، سکول کاپی، پارٹی پرچم، اشتہارات، بروشرز، سکول ڈائری، سٹیکر
ہیڈ آفس: عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی
سب آفس: ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083